باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
بلوچستان کا کثیر الاشاعت
APNS ممبر آف ABC Certificate

روزنامہ
بلوچستان لائنز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حاجی بابو خروٹی ایڈیٹر محمد بلال خروٹی Ph:081-2827012
Email.balochistanlines@gmail.com

جلد نمبر 18 | بروز منگل 12 مئی 2026ء 1447 ہجری | صفحات 4 قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 272

براہِ راست ٹیکس نہ ملنے پر پٹرول مہنگا کرنا مجبوری ہے، احسن اقبال

حکومت کے پاس پٹرول اور بجلی پر لیوی کے سوا کوئی راستہ نہیں عوام ٹیکس نہیں دیتے اس لیے پٹرولیم قیمتیں بڑھانی پڑتی ہیں

حکومتی اخراجات پورے کرنے کیلئے لیوی یا کسی اور صورت میں ٹیکس اکھٹا کرنا پڑتا ہے، وفاقی وزیر کی صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے پٹرول و ڈیزل مہنگا کرنے کا جواز بیان کرتے ہوئے کہا ہے

بقیہ 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

وزیراعظم کی ایم پی اے ایوب گادھی کے ڈیرہ پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت

اپنے ڈیرے پر عوامی مسائل سنتے ہوئے ایوب گادھی پر حملہ انتہائی قابل تشویش ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (پی پی آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ٹوبہ ٹیک سنگھ سے رکن پنجاب اسمبلی کرنل (ریٹائرڈ) ایوب گادھی کے ڈیرہ پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے واقعہ پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے واقعہ کی انکوائری جلد مکمل کر کے ذمہ

بقیہ 2 صفحہ 3 پر

لیاری ایکسپریس وے ری سیٹلمنٹ منصوبے میں اربوں کی بے ضابطگیاں، ابتدائی نیب انکوائری مکمل

انکوائری میں ملنے والے شواہد کی بنیاد پر کیس انویسٹی گیشن کے مرحلے میں داخل ہوگیا ہے، ذرائع

کراچی (پی پی آئی) کراچی کے لیاری ایکسپریس وے ری سیٹلمنٹ منصوبے میں اربوں روپے کی مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملے پر نیب

بقیہ 3 صفحہ 3 پر

شفافیت اور ٹیکنالوجی سے لیس ٹیکس نظام حکومت کی اولین ترجیح ہے، محمد اورنگزیب

مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹلائزیشن سے ٹیکس نیٹ کو وسعت دی جائے گی، ٹیکس پالیسی میں بہتری کے لیے آئی کیپ کی تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں

حکومت شفاف، ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ اور سہولت فراہم کرنے والے ٹیکس نظام قائم کرنے کے لئے پرعزم ہے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد) سی ایم لنکس (وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت شفاف، ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ اور سہولت فراہم کرنے والا ٹیکس نظام قائم کرنے میں پرعزم ہے، معاشی اور ٹیکس پالیسیوں کو موثر، قابل عمل اور ملک کے اصلاحات سے متعلق اہداف سے ہم آہنگ بنانے کیلئے پیشہ وارانہ اداروں اور صنعتی شعبے کے نمائندوں سے مسلسل رابطہ اور مشاورت ناگزیر

بقیہ 4 صفحہ 3 پر

برآمدات پر مبنی صنعتی ترقی اہداف کے حصول کیلئے ناگزیر ہے، شہباز شریف

حکومت اپنی توجہ برآمدات میں اضافے اور صنعتوں کو سہولیات فراہم کرنے پر مرکوز کئے ہوئے ہے، اجلاس سے خطاب

ایسے نئے کاروباروں اور صنعتوں کے فروغ کے لیے بھی حکمت عملی مرتب کی جائے جو ملکی برآمدات میں اضافے کا باعث بنیں، ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ برآمدات پر مبنی صنعت، ملکی ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے ناگزیر ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملکی برآمدات میں اضافے کے حوالے سے حکمت عملی پر

بقیہ 5 صفحہ 3 پر

مستونگ، لک پاس کسٹمز گودام میں آتشزدگی پر قابو پالیا گیا، 50 افراد زخمی

ایل پی جی سلینڈر دھماکے آگ پر قابو پانے کے لیے 10 سے زائد فائر بریگیڈ گاڑیاں مصروف، 100 سے زائد گاڑیاں جل گئیں

برن یونٹ میں زیر علاج چند مریضوں کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے، جبکہ بقیہ زخمیوں کی حالت اب خطرے سے باہر ہے

کوئٹہ) یو این اے (مستونگ کے علاقے لک پاس میں واقع کسٹمز گودام میں لگنے والی ہولناک آگ پر طویل جدوجہد کے بعد قابو پالیا گیا ہے، تاہم اس واقعے میں زخمیوں کی تعداد 50 تک پہنچ گئی ہے۔ پی ڈی ایم اے حکام کے مطابق گودام میں ایل پی جی، ایندھن اور دیگر کیمیائی مواد کی موجودگی کے باعث آگ نے شدید نوعیت اختیار کر لی تھی، جس کے دوران کئی زوردار دھماکے

بقیہ 6 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ نے چیئرمین بی ڈی اے جاوید احمد خان برطرف کردیا

تعیناتی غیرقانونی قرار، عدالت کا 24 گھنٹے میں دفتر چھوڑنے اور مراعات واپس کرنے کا حکم

کوئٹہ (پی پی آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے بلوچستان ڈیولپمنٹ اتھارٹی (بی ڈی اے) کے چیئرمین جاوید احمد خان کو ان کے عہدے سے برطرف کر دیا ہے۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جناب ہاشم خان کاکڑ، جسٹس جناب کامران ملاخیل اور جسٹس جناب نجم الدین مینگل پر مشتمل بینچ نے کیس کی سماعت کے بعد فیصلہ سناتے

بقیہ 7 صفحہ 3 پر

اسلام آباد میں موسم خراب، متعدد بین الاقوامی پروازوں کا رخ سیالکوٹ ایئرپورٹ تبدیل

سیالکوٹ (پی پی آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں موسم کی خرابی کے باعث متعدد بین الاقوامی پروازوں کا رخ سیالکوٹ ایئرپورٹ کی جانب موڑ دیا گیا۔ ترجمان سیالکوٹ ایئرپورٹ

بقیہ 9 صفحہ 3 پر

حب ندی میں نہاتے ہوئے ایک اور نوجوان ڈوب کر جاں بحق

انتظامی پابندیاں صرف کاغذات تک محدود، خونی ندی میں انسانی جانوں کے ضیاع پر شہری حلقوں کا اظہار تشویش

حب (پی پی آئی) حب ندی ایک بار پھر خونی ندی ثابت ہوئی جہاں دفعہ 144 کے نفاذ کے باوجود نہاتے ہوئے ایک اور نوجوان ڈوب کر اپنی زندگی کی بازی ہار گیا۔ چند روز قبل بھی اسی ندی میں ایک ہی دن میں تین نوجوان لقمہ اجل بن گئے تھے، جس کے بعد ضلعی انتظامیہ نے ندی میں نہانے پر پابندی عائد کی تھی، تاہم تازہ واقعے نے انتظامیہ کے دعووں اور دفعہ 144 پر عملدرآمد کی قلعی کھول دی ہے۔ علاقہ مکینوں اور سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ

بقیہ 8 صفحہ 3 پر

معرکہ حق کو ایک سال مکمل، آئی ایس پی آر کا نیا ملی نغمہ "تو یاد رکھیں" جاری

اسلام آباد (پی پی آئی) معرکہ حق کی پہلی سالگرہ کے موقع پر آئی ایس پی آر کے نئے نغمے "تو یاد رکھیں" نے عوام کے دل جیت لیے۔ آئی ایس پی آر کے جاری کردہ نغمے نے قوم میں ولولہ اور فخر کا نیا

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

اوتھل، لسبیلہ پولیس کی بڑی کارروائی، کار کے خفیہ خانوں سے بھاری مقدار میں چرس برآمد

16 کلو سے زائد منشیات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام، چمن کا رہائشی اسمگلر گرفتار

اوتھل (پی پی آئی) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر اور منشیات اسمگلرز کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت پر ایس ایچ او اوتھل وحید علی گسی نے ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق، گزشتہ شب اوتھل پولیس نے مین آر سی ڈی روڈ زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ پر سنیپ چیکنگ کے دوران کوئٹہ سے کراچی جانے والی ایک مشکوک کار (رجسٹریشن نمبر AYC-279) کو روکا۔ تلاشی لینے پر گاڑی کے خفیہ خانوں سے 16 کلو 800 گرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد ہوئی۔ پولیس نے کار ڈرائیور شبیر

بقیہ 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ آف پاکستان میں لندن کے فرانسس ٹیلر بلڈنگ چیمبرز کی کنگز کونسل، بیرسٹر سارہ کیبر شیخ کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

صحافیوں کا بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاج اور کوریج کا بائیکاٹ، وزراء کی یقین دہانی پر ختم

میڈیا ہاؤسز کی بندش اور ورکرز کی برطرفی کا معاملہ اسمبلی، سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اٹھانے کا فیصلہ

کوئٹہ (پی پی آئی) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) کی کال پر کوئٹہ کے صحافیوں نے میڈیا دفاتر کی بندش اور میڈیا ورکرز کی بڑے پیمانے پر برطرفیوں کے خلاف بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کی کوریج کا مکمل بائیکاٹ کیا اور اسمبلی گیٹ پر شدید احتجاجی مظاہرہ کیا۔ صدر بی یو جے منظور احمد رند کی قیادت میں ہونے والے اس مظاہرے میں

بقیہ 12 صفحہ 3 پر

آن لائن فراڈ کیس، ہیکرز بینکنگ سسٹم کے اندر ہی موجود ہوتے، جسٹس عامر فاروق

اسلام آباد (پی پی آئی) وفاقی آئینی عدالت نے لیہ کے رہائشی کے ساتھ ہونے والے آن لائن بینک فراڈ کیس میں نجی بینک کی اپیل مسترد کرتے ہوئے رقوم واپسی کی ہدایت کر دی۔ جسٹس عامر

بقیہ 13 صفحہ 3 پر

گوادر، میرین ڈرائیو پر سولر اسٹریٹ لائٹس کی بحالی شروع

ساحلی شاہراہ کی رونق بحال کرنے کے لیے سولر لائٹس کی تنصیب جاری

گوادر (پی پی آئی) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) نے میرین ڈرائیو پر خراب اسٹریٹ لائٹس کی بحالی کے کام کا آغاز کر دیا ہے، یہ اقدام ساحلی شاہراہ کی خوبصورتی اور روشنی کے نظام کو بحال کرنے کے لیے شروع کیے گئے جدید سولرائزیشن منصوبے کا حصہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اس منصوبے کے تحت سید ظہور شاہ ہاشمی چوک سے بوٹ بیسن تک خراب شدہ لائٹس کو جدید سولر توانائی سے چلنے والی اسٹریٹ لائٹس سے

بقیہ 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کی عمارت گرانے کے خلاف درخواست پر سماعت، حکم امتناعی میں توسیع

عدالت نے اسمبلی گرانے سے متعلق ٹینڈر پر کارروائی معطل رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی

کوئٹہ (پی پی آئی) بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس جناب نجم الدین مینگل پر مشتمل ڈویژن بینچ نے بلوچستان اسمبلی کی عمارت گرانے کے خلاف امان اللہ کنرانی ایڈووکیٹ کی آئینی درخواست پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران حکومت کی جانب سے ایڈووکیٹ جنرل عدنان بشارت اور ایڈیشنل

بقیہ 15 صفحہ 3 پر

وفاقی آئینی عدالت، دوسری شادی کی بنیاد پر بچے کی حوالگی سے متعلق درخواست مسترد

اسلام آباد (پی پی آئی) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ صرف خاتون کی دوسری شادی کو بنیاد بنا کر بچے کی حوالگی تبدیل نہیں کی جا سکتی جبکہ عدالت نے بچے کی حوالگی چچا یا پھوپھی کو دینے کی درخواست مسترد کر دی۔ پیر کو وفاقی آئینی عدالت میں 9 سالہ بچے کی حوالگی سے متعلق کیس کی سماعت جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کی۔ سماعت کے دوران جسٹس حسن اظہر رضوی

بقیہ 16 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل وزیراعظم یوتھ لیپ ٹاپ اسکیم کی منعقدہ تقریب میں بیوٹمز یونیورسٹی کے اسٹوڈنٹس طالبہ کو لیپ ٹاپ دے رہے ہیں

چیئرمین سینٹ کی فتح خیل پولیس سٹیشن پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

پاکستان کی سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جائیں گی، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (پی پی آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے ضلع بنوں کے فتح خیل پولیس سٹیشن پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جائیں گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے دوران ڈیوٹی جام شہادت نوش کرنے والے بہادر پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جائیں گی۔ انہوں

بقیہ 17 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل وزیراعظم یوتھ لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت بیوٹمز یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

عرفان قادر کی حنیف عباسی سے ملاقات، اصلاحات پر تفصیلی تبادلہ خیال

عوامی خدمت کے منصوبوں اور سہولتوں کی بہتری کے لیے اقدامات کو مزید تیز کیا جائے، ملاقات میں اتفاق

اسلام آباد (پی پی آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے قانون عرفان قادر نے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، قانونی معاملات اور ادارہ جاتی اصلاحات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ریلوے میں حالیہ اصلاحات، انتظامی بہتری اور عوام دوست اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ریلوے کے شعبے میں بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات مثبت نتائج دے رہے ہیں۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان حکومتی اصلاحات، ادارہ جاتی

بقیہ 19 صفحہ 3 پر

طوفانی بارشوں کے بعد دریائے سندھ میں کندیاں کے قریب پانی کی سطح بلند ہوگئی

میانوالی (پی پی آئی) طوفانی بارشوں کے بعد دریائے سندھ میں کندیاں کے قریب پانی کی سطح بلند ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق چشمہ بیراج میں پانی کی آمد میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، چشمہ

بقیہ 18 صفحہ 3 پر

آذربائیجان کے وزیر داخلہ کی بنوں میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی مذمت

اسلام آباد (پی پی آئی) آذربائیجان کے وزیر داخلہ نے صوبہ خیبر پختونخوا کے شہر بنوں میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی مذمت کی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو آذربائیجان کے ہم منصب

بقیہ 20 صفحہ 3 پر

لبنان میں اسرائیلی حملے تیز، 24 گھنٹوں میں امدادی کارکنوں سمیت 51 افراد جاں بحق

بیروت (پی پی آئی) لبنان میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی حملوں میں شدت آ گئی ہے، جہاں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں میں ہونے والی بمباری سے کم از کم 51 افراد جاں بحق ہوگئے، جن میں 2 طبی کارکن بھی شامل ہیں۔ لبنانی وزارت صحت کے مطابق اسرائیلی فضائی حملوں میں جنوبی لبنان کے علاقوں قلاویہ اور تبنین میں طبی مراکز اور امدادی ٹیموں کو

بقیہ 21 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ اسمبلی اجلاس میں پیش کی گئی قرارداد پر اظہار خیال کر رہی ہیں

کوئٹہ لائنوں کی شفٹنگ اور مرمتی کام، شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی بندش کا شیڈول جاری

12 سے 14 مئی تک مختلف فیڈرز سے بجلی معطل رہے گی، کیسکو نے صارفین سے تعاون کی اپیل کردی

کوئٹہ (پی پی آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کے کھمبوں کی تنصیب اور لائنوں کی شفٹنگ کے ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں 12 سے 14 مئی تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ شیڈول کے مطابق 12 اور 14 مئی کو نواں کلی، عالم خان، انٹرکلیکٹر، اللہ سمنگلی، مالک، نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ، ویسٹرن بائی پاس، پی اے ایف سٹی، چشمہ، واسا، خروٹ آباد اور جبل نور فیڈرز سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اس کے علاوہ سریاب گرڈ کے جائنٹ روڈ،

بقیہ 22 صفحہ 3 پر

واشک، سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائی، انسانی اسمگلنگ کی کوشش ناکام، 26 افغان شہری گرفتار

مشکوک گاڑیوں سے بچوں سمیت غیرقانونی تارکین وطن برآمد، گروہ کو ایران اور ترکی کے راستے یورپ بھیجا جانا تھا

کوئٹہ (پی پی آئی) سیکیورٹی فورسز نے واشک کے علاقے میں دالبندین کوئٹہ روٹ پر ایک کامیاب کارروائی کے دوران انسانی اسمگلنگ کی بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے 26 غیر قانونی افغان شہریوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، دالبندین کوئٹہ روٹ پر موجود چیک پوسٹ سے بچ کر نکلنے کی کوشش کرنے والی دو مشکوک

بقیہ 23 صفحہ 3 پر

انتظامیہ شہر میں ٹریفک نظام کی بہتری کیلئے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، محمد انور کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)

بقیہ 24 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن اسمبلی اجلاس میں قرارداد پیش کر رہے ہیں

اسلام آباد، راولپنڈی سمیت ملک کے کئی شہروں میں گرج چمک کیساتھ موسلا دھار بارش

اسلام آباد، صوابی، ایبٹ آباد (پی پی آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، راولپنڈی، چکوال اور ایبٹ آباد سمیت ملک کے متعدد علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش ہوئی ہے جبکہ اسلام آباد میں موسم کی خرابی کے باعث کئی پروازیں متاثر ہوگئیں، لاہور میں آندھی اور بارش

بقیہ 26 صفحہ 3 پر

محکمہ کان کنی ومعدنی ترقی کی قائمہ کمیٹی کا اہم اجلاس 18 مئی کو طلب

بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026 میں مائن اونرز کی سفارشات شامل کرنے پر غور ہوگا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ ایک نوٹس کے مطابق محکمہ کان کنی ومعدنی ترقی کی قائمہ کمیٹی کا اہم اجلاس پیر 18 مئی 2026 کو طلب کر لیا گیا ہے۔ یہ اجلاس دوپہر 12:00 بجے اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں چیئرمین کمیٹی میر غلام دستگیر بادینی کی زیر صدارت منعقد ہوگا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین بشمول صوبائی وزراء میر محمد عاصم کرد گیلو، میر محمد صادق عمرانی، اور دیگر ارکان کمیٹی کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ اجلاس کے ایجنڈے کے مطابق، گزشتہ ہدایات کی روشنی میں محکمہ کان

بقیہ 25 صفحہ 3 پر

محسن نقوی کا سیف سٹی ہیڈکوارٹرز کا دورہ، پراجیکٹس پر پیش رفت کا جائزہ لیا

کنٹرول روم کو جدید تقاضوں اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ بنایا جائے، سیف سٹی فیز ٹو کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (پی پی آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سیف سٹی ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا اور اسلام آباد سیف سٹی کو کیپٹل سمارٹ سٹی میں بدلنے کے

بقیہ 27 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل، عمران ترین اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کا اجلاس، مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026 کا تفصیلی جائزہ

لینڈ اونرز اور محکمے کے درمیان اتفاق رائے کے لیے جلد دوبارہ اجلاس بلانے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ کان کنی و معدنی ترقی کا اہم اجلاس چیئرمین کمیٹی غلام دستگیر بادینی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی میر محمد صادق عمرانی، زابد علی ریکی اور خیر جان بلوچ نے شرکت کی، جبکہ سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ سمیت محکمہ معدنیات، محکمہ قانون اور اسمبلی کے دیگر متعلقہ

بقیہ 28 صفحہ 3 پر

گوادر، جامعہ گوادر کا تمام ڈگری پروگرامز میں مصنوعی ذہانت (AI) کورس نافذ کرنے کا فیصلہ

مینجمنٹ سائنسز میں پی ایچ ڈی پروگرام کی منظوری، وائس چانسلر کی زیر صدارت اکیڈمک کونسل کا اہم اجلاس

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کی 11 ویں اکیڈمک کونسل کا اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی صدارت میں پاک۔ چائنہ ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹیٹیوٹ کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد، رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان سمیت تمام شعبہ جات کے ڈینز اور چیئرمین نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) (اسلام آباد اور محکمہ ہائر ایجوکیشن حکومت بلوچستان کے نمائندوں نے آن لائن شرکت کر کے تعلیمی وانتظامی امور پر مشاورت کی۔ اجلاس میں

بقیہ 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، سینیٹر آغا شاہ زیب درانی، صوبائی سیکرٹریز و دیگر اعلیٰ حکام اسمبلی اجلاس کی کارروائی دیکھ رہے ہیں

ایران کا جوہری پروگرام کسی بھی وقت قبضے میں لے سکتے ہیں، ڈونلڈ ٹرمپ

امریکی فوج افزودہ یورینیم کی نگرانی کر رہی ہے، کوئی پاس بھی گیا تو ہمیں پتہ چل جائے گا اور ہم اسے نشانہ بنائیں گے

ایران کو عسکری طور پر شکست دی جاچکی، قیادت کی اے اور بی ٹیم مکمل ختم، سی ٹیم کا کچھ حصہ بھی ختم ہو چکا ہے، امریکی صدر

واشنگٹن) اے این این (امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے جوہری پروگرام پر سخت موقف اختیار کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی فوج افزودہ یورینیم کی نگرانی کر رہی ہے، کسی بھی وقت ضرورت پڑنے پر اسے اپنے قبضے میں لیا جاسکتا ہے۔ ٹرمپ نے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ ایران کے پاس موجود افزودہ یورینیم کا ذخیرہ جب چاہیں چھین سکتے ہیں، کوئی افزودہ یورینیم کے پاس بھی گیا

بقیہ 31 صفحہ 3 پر

گوادر کو علاقائی لاجسٹکس مرکز بنانے کی پالیسی پر عملدرآمد شروع کردیا گیا، جنید انوار

جنرل کارگو کیلئے ایک ماہ مفت سٹوریج سہولت متعارف کرائی گئی، ٹرانزٹ اور ٹرانس شپمنٹ کارگو لانے والے جہازوں کو بڑا ریلیف دیا گیا ہے

انٹرنیشنل ٹرانس شپمنٹ کنٹینرز پر پورٹ چارجز میں 40 فیصد کمی کی گئی، جبکہ ٹرانزٹ کنٹینر کارگو پر پورٹ چارجز 31 فیصد تک کم کئے گئے ہیں

کراچی) اے این این (وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار چودھری نے گوادر بندرگاہ کیلئے اقدام کا اعلان کرتے ہوئے عالمی ٹرانزٹ ٹریفک بڑھانے کیلئے گوادر پورٹ پر ٹیرف میں نمایاں کمی کا فیصلہ کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ کنٹینر بردار جہازوں کی برتھنگ فیس میں 25 فیصد، انٹرنیشنل ٹرانس شپمنٹ کنٹینرز پر پورٹ چارجز میں 40 فیصد کمی کی گئی، جبکہ ٹرانزٹ کنٹینر کارگو پر

بقیہ 30 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

گنداخہ، بجلی کے ٹرانسفارمر کے کوئل چوری اور بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے خلاف احتجاج

پانچ ماہ سے گاؤں اندھیرے میں ڈوبا ہوا ہے، ایم پی اے فیصل جمالی نوٹس لیں، اہل علاقہ کا مطالبہ

گنداخہ (بی پی آئی) یونین کونسل احمد آباد کے گاؤں حاجی شاہ محمد عمرانی میں بجلی کی طویل بندش، ٹرانسفارمر کے کوئل چوری ہونے اور بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے خلاف سماجی رہنما امجد علی عمرانی کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور انتظامیہ و کیسکو کے خلاف نعرے بازی کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے امجد علی عمرانی اور دیگر مظاہرین کا کہنا تھا کہ پانچ ماہ قبل نامعلوم چوروں نے ٹرانسفارمر کے قیمتی کوئل چوری کر لیے تھے، جس کے بعد سے پورا گاؤں تاحال اندھیرے میں ڈوبا ہوا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گاؤں میں بجلی کے علاوہ نہ تو بچوں کے لیے پرائمری اسکول موجود ہے اور نہ ہی آمد و رفت کے لیے مناسب راستے کی سہولت میسر ہے۔ مظاہرین نے حلقے سے منتخب رکن صوبائی اسمبلی سردار زادہ فیصل خان جمالی سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر گاؤں کے لیے نئے ٹرانسفارمر کی فراہمی اور دیگر بنیادی سہولیات کی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کریں تاکہ عوام کی مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔

کوئٹہ، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ سے صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی ملاقات کر رہی ہیں

ڈھاڈر، پی پی ایچ آئی کچھی میں بھرتیوں کے دوران میرٹ کی مبینہ پامالی کے خلاف احتجاجی ریلی

کامیاب امیدواروں کی لسٹیں خفیہ رکھ کر من پسند افراد کو آرڈرز جاری کرنے کا الزام، تحقیقات کا مطالبہ

بولان (بی پی آئی) پی پی ایچ آئی کچھی میں حالیہ بھرتیوں کے عمل میں مبینہ بے ضابطگیوں، میرٹ کی پامالی اور کامیاب امیدواروں کی فہرستیں جاری نہ کرنے کے خلاف بے روزگار نوجوانوں اور سیاسی و سماجی حلقوں کا غم و غصہ شدت اختیار کر گیا ہے۔ اس سلسلے میں شاہی چوک ڈھاڈر سے ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی جو شہر کی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچی۔ ریلی میں نیشنل پارٹی ڈھاڈر کے صدر محمد سلطان بلوچ، ڈاکٹر منظور بلوچ، جماعت اسلامی کے ضلعی نائب امیر رئیس عبدالحق رضی اور دیگر رہنماؤں سمیت نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے پی پی ایچ آئی کچھی کے ڈی ایس ایم اور سلیکشن کمیٹی کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے کہا کہ ٹیسٹ اور انٹرویو کو 40 روز گزرنے کے باوجود تاحال میرٹ لسٹیں آویزاں نہیں کی گئیں، جبکہ بند کمروں میں من پسند افراد کو آرڈرز جاری کر دیے گئے ہیں۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیسٹ اور انٹرویو ایک ہی دن کرنا اور نتائج کو خفیہ رکھنا شفافیت پر سوالیہ نشان ہے، جو حقدار امیدواروں کی حق تلفی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ان متنازعہ بھرتیوں کو فوری منسوخ کر کے صاف شفاف تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی جائے، بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے صوبائی دفتر کے باہر دھرنا دیا جائے گا۔

سرکاری دفاتر عوامی مسائل کے حل کے بجائے اذیت اور پریشانی کا سبب بن چکے ہیں، جے یو آئی

کوئٹہ (بی پی آئی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ اور دیگر رہنماؤں نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کے بیشتر سرکاری دفاتر شہریوں کے لیے اذیت اور ذلت کا سبب بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افسر شاہی کی جانب سے غیر ضروری تاخیر، روایتی ٹال مٹول اور پیچیدہ دفتری طریقہ کار کے باعث عوام اپنے جائز اور قانونی کاموں کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ لوکل سرٹیفکیٹ، شناختی و رہائشی

موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 2 ملزمان کو اسلحہ سمیت پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب موٹر سائیکل چھینے کے دوران دو ڈکیت پکڑ لیے گئے دو ٹی ٹی پسٹل گولیاں اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد مقدمہ درج تحقیق شروع کر دی گئی پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب شاہی چوک کے قریب موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش اہل علاقے نے ناکام بنادی دو ڈکیت پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیے گئے جن سے دو ٹی ٹی پسٹل گولیاں مسروقہ موٹر سائیکل و دیگر سامان برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جن سے تحقیق شروع کر دی گئی ہے۔

گوادر، کنٹانی ھور میں مزدوروں کا قتل عام بلوچ نسل کشی کا تسلسل ہے، حق دو تحریک

گوادر (بی پی آئی) حق دو تحریک بلوچستان کے مرکزی دفتر سے جاری ایک مذمتی بیان میں کنٹانی ھور جیونی میں کوسٹ گارڈ کی فائرنگ سے متعدد مزدوروں کی ہلاکت اور زخمی ہونے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان میں اب محنت مزدوری کرنا بھی قابل قتل جرم بن چکا ہے اور یہ واقعہ ظلم، بربریت اور بلوچ نسل کشی کے تسلسل کی ایک کڑی ہے، جہاں اپنے بچوں کا پیٹ پالنے والے غریب مزدوروں کو گولیوں سے چھلنی کر کے گھروں کے چراغ بجھائے گئے

بسیمہ، آپریشن بنیان المرصوص اور معرکہ حق کی پہلی سالگرہ پر آرمی کیمپ میں پروقار تقریب

دفاعی نمائش، طلبہ کے ٹیبلوز اور ملی نغموں سے شرکا کے دل جیت لیے، شہدا اور غازیوں کو خراج تحسین

بسیمہ (بی پی آئی) آپریشن بنیان المرصوص اور معرکہ حق کی پہلی سالگرہ کے موقع پر آرمی کیمپ بسیمہ میں ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پاک فوج کے افسران، سول انتظامیہ، معتبر علاقائی عمائدین، اساتذہ اور طلبہ سمیت عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور قومی ترانے سے ہوا، جس کے بعد ملک کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ مقررین نے اپنے خطابات میں مسلح افواج کی لازوال قربانیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق میں جوانوں نے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا کر قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ تقریب کے دوران مختلف اسکولوں کے طلبہ نے ملی نغمے اور ٹیبلوز پیش کیے، جبکہ جدید ہتھیاروں اور ڈرونز کی نمائش نے شرکا، بالخصوص نوجوانوں کی توجہ حاصل کر لی۔ تقریب کے اختتام پر کمانڈر 328 بریگیڈ اور ایریا کمانڈر کرنل سالار نے تمام شرکا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام اور اداروں کے درمیان مضبوط تعلق ہی ملک کے استحکام کی اصل ضمانت ہے۔

صحبت پور، گرمی کی شدت میں اضافہ، کیسکو کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کا جینا محال کر دیا

سٹی، شاہی اور حیدرین سمیت متعدد فیڈرز پر طویل بندش، سیاسی و سماجی حلقوں کا وزیراعلیٰ بلوچستان سے نوٹس لینے کا مطالبہ

صحبت پور (بی پی آئی) صحبت پور اور گردونواح میں گرمی کی شدت میں اضافے اور لو چلنے کے باوجود کیسکو کی جانب سے بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی چیخیں نکال دی ہیں۔ 132 کلوواٹ گرڈ اسٹیشن سے نکلنے والے مختلف فیڈرز پر گھنٹوں بجلی غائب رہنا معمول بن گیا ہے، جس کے باعث کاروباری زندگی اور گھریلو معمولات شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سٹی فیڈر، صحبت پور، درگاہ مولوی قادر بخش، علی آباد گولو کا پاری (شاہی فیڈر)، مانجھی پور، چھتو، سنہڑی، گورانازی (حیدرین فیڈر)، خیر پور فیڈر اور ڈیرہ اللہ یار تک جانے والے جیانی فیڈر سے منسلک سینکڑوں دیہات بجلی کی طویل بندش کا شکار ہیں۔ شدید گرم ہواؤں اور لو کے موسم میں کیسکو کی اس بے حسی نے صارفین کو ذہنی کوفت میں مبتلا کر دیا ہے۔ علاقے کے سیاسی و سماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اپیل کی ہے کہ وہ اس سنگین صورتحال کا فوری نوٹس لیں اور چیف کیسکو سے رابطہ کر کے صحبت پور کے عوام کو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائیں۔

ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کا ہنگامی اجلاس، مبینہ غیر آئینی کابینہ کی قانونی حیثیت مسترد

وائی ڈی اے کسی کی ذاتی جاگیر نہیں، شفاف انتخابات کے ذریعے حقیقی نمائندہ کابینہ قائم کریں گے، ڈاکٹر حنیف لونی

کوئٹہ (بی پی آئی) سنڈیمن پروانشل ہسپتال کوئٹہ میں ڈاکٹر حنیف لونی کی صدارت میں ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن (YDA) بلوچستان کا ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا، جس میں حالیہ تنظیمی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں واضح طور پر اعلان کیا گیا کہ مخصوص ٹولے کی جانب سے بنائی گئی غیر جمہوری اور غیر آئینی کابینہ کے پاس کوئی قانونی مینڈیٹ یا اختیار نہیں ہے، اور ایسی کوئی بھی نام نہاد کابینہ کسی بھی ینگ ڈاکٹر کو تنظیم سے نکالنے کا مجاز نہیں رکھتی۔ اجلاس کے شرکا نے کہا کہ وائی ڈی اے بلوچستان کسی گروہ کی ذاتی جاگیر نہیں بلکہ صوبے کے ہزاروں ڈاکٹروں کی مشترکہ امانت ہے۔ انہوں نے حالیہ اقدامات کو بوکھلاہٹ اور جمہوری عمل سے فرار قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے وہ مرعوب نہیں ہوں گے۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے میڈیا سیل کے مطابق، ڈاکٹروں نے عزم ظاہر کیا کہ ان کی پرامن اور آئینی جدوجہد اس وقت تک جاری رہے گی۔۔ جب تک شفاف انتخابات کے ذریعے ایک حقیقی اور منتخب نمائندہ کابینہ قائم نہیں ہو جاتی۔

فیکٹری منیجر شعیب صدیقی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے قتل، مشتعل ملازمین کا لاش رکھ کر شدید احتجاج

حب میں شاہراہ بلاک ہونے سے ٹریفک معطل، صنعتی حلقوں میں خوف وہراس، قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ

حب (بی پی آئی) صنعتی شہر حب میں سرائے نور فیکٹری کے منیجر شعیب صدیقی کے قتل کے بعد صورتحال انتہائی کشیدہ ہو گئی ہے۔ مشتعل ملازمین اور شہریوں نے مقتول کی لاش مین شاہراہ پر رکھ کر احتجاجاً سڑک بلاک کر دی، جس کے باعث کراچی اور کوئٹہ جانے والی ٹریفک مکمل طور پر معطل ہو گئی اور گاڑیوں کی میلوں لمبی قطاریں لگ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق شعیب صدیقی فیکٹری کے مرکزی گیٹ پر پہنچے تھے کہ نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے ان پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے فیکٹری ملازمین اور مقامی افراد نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے۔

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری صمد گورگیج اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

اوتھل، سی آئی اے لسبیلہ کی بڑی کارروائی، سندھ پولیس کو مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

اغوا کے مقدمے میں مفرور ملزم بیلہ کے قریب سے دھر لیا گیا، ایس ایس پی نجیب اللہ پندرانی کی ہدایت پر کارروائی

اوتھل (بی پی آئی) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی خصوصی ہدایات پر انچارج سی آئی اے لسبیلہ جان محمد جاموٹ نے ایک کامیاب کارروائی کرتے ہوئے سندھ پولیس کو مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق، سی آئی اے ٹیم نے آر سی ڈی روڈ پر کاروان پمپ بیلہ کے قریب سنیپ چیکنگ کے دوران کارروائی کرتے ہوئے ملزم پرویز علی ولد محمد ملوک ملاح کو گرفتار کیا، جس کا تعلق خیرپور ناتھن شاہ، ضلع دادو سے ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزم پرویز علی صوبہ سندھ کے تھانہ سلطان آباد کو سال 2019 کے اغوا کے مقدمہ نمبر 64/2019 بجرم 365 ت پ میں عرصہ دراز سے مطلوب اور اشتہاری تھا۔ سی آئی اے پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد ملزم کو تھانہ بیلہ پولیس کے حوالے کر دیا ہے اور اس کی گرفتاری کے متعلق متعلقہ سندھ پولیس کو بھی مطلع کر دیا گیا ہے۔

جے یو آئی کے زیر اہتمام "تحفظ مدارس و حقوق بلوچستان کانفرنس 4 "جون کو ہوگی

چمن (بی پی آئی) جمعیت علما اسلام تحصیل چمن کے رکن مجلس شوریٰ مولانا حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا ہے کہ 4 جون کو ضلع پشین میں منعقد ہونے والی "تحفظ مدارس و حقوق بلوچستان کانفرنس" صوبے کی تاریخ کا ایک فقید المثال اور تاریخی اجتماع ثابت ہوگی۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ اس عظیم الشان کانفرنس کے مہمان خصوصی قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان ہوں گے، جو ملک کی موجودہ سیاسی، دینی اور معاشی صورتحال سمیت مدارس کو درپیش چیلنجز پر اہم رہنمائی فراہم کریں گے۔ حافظ محمد صدیق مدنی کا کہنا تھا کہ یہ کانفرنس محض ایک سیاسی جلسہ نہیں

ڈپلومہ انجینئر فیڈریشن کے ممبران وعہدیداروں کا صدر نور زمان کاکڑ اور ابراہیم زہری کے ہمراہ گروپ

نصیر آباد میں فائرنگ و دیگر واقعات میں تین خواتین سمیت 12 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (بی پی آئی) نصیر آباد میں فائرنگ و دیگر واقعات تین خواتین سمیت بارہ افراد زخمی ہو گئے جبکہ پولیس نے فائرنگ کرنے کے الزام میں دو افراد کو حراست میں لے لیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب منگولی پولیس تھانے کی حدود جھڈیر گوٹھ سوکلی میں شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کی زد میں آ کر تین خواتین زخمی ہو گئی واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی زخمی خواتین کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا فائرنگ کے الزام میں پولیس نے دو افراد کو حراست میں لیکر مذید تحقیقات شروع کر دی گئی۔۔

بیلا، میر مبشر عزیز کھوسہ کا چیئرمین منتخب ہونا خوش آئند ہے، اللہ بخش زہری

بیلا (بی پی آئی) جام گروپ لسبیلہ کے سرگرم رہنما اللہ بخش زہری نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں میر مبشر عزیز کھوسہ کو میونسپل کمیٹی بیلا کا چیئرمین منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میر مبشر عزیز کھوسہ علاقائی ترقی اور عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ایک باصلاحیت اور متحرک نوجوان رہنما ہیں، جن کے انتخاب سے بیلا کے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور ان سے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں۔

چاہ بہار فری زون آرگنائزیشن کے وفد کا گوادر چیمبر آف کامرس کا دورہ

صدر گوادر کرکٹ اکیڈمی حنیف حسین نے ایرانی وفد کے سربراہ محمد سعید اربابی کو یادگاری شیلڈ پیش کی

کوئٹہ (بی پی آئی) چاہ بہار فری زون آرگنائزیشن کا ایک اعلیٰ سطحی ایرانی وفد چیئرمین بورڈ و مینیجنگ ڈائریکٹر چاہ بہار فری زون آرگنائزیشن محمد سعید اربابی کی قیادت میں نے گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا۔ ایرانی وفد میں مجیب حسنی، ہیثم کچو، آریا، محمد شریفی پیرجل، شکری بلوچ، یوسف باوار، علی رضا چشم جہان، دادرحیم پارسا، کاوہ، امیر خان نژاد، یحییٰ میر بلوچ، مختار دلوشی، انور رحمت پور، عبدالشکور دانشمند شامل ہیں۔ گوادر چیمبر آف کامرس کے صدر جند ہوت اور گوادر کرکٹ اکیڈمی کے بانی صدر حاجی حنیف حسین سمیت دیگر افراد نے ایرانی وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر گوادر کرکٹ اکیڈمی کے بانی صدر حنیف حسین نے چاہ بہار فری زون آرگنائزیشن کے چیئرمین بورڈ و مینیجنگ ڈائریکٹر محمد سعید اربابی کو یادگاری شیلڈ بھی پیش کی۔ گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری گوادر اور مکران ڈویژن میں کاروباری سرگرمیوں، سرمایہ کاری اور مقامی تاجروں کے مفادات کے تحفظ کا اہم ادارہ ہے جو سی پیک کے تحت گوادر پورٹ اور فری زون میں ترقی، پاک ایران سرحدی تجارت اور چاہ بہار جیسے ہمسایہ بندرگاہوں سے تعلقات کے فروغ کیلئے متحرک ہے۔ گوادر کرکٹ اکیڈمی کے چیئرمین حاجی عبدالحمید رشید اور بانی صدر حاجی حنیف حسین اور دیگر ممبران نے ایرانی وفد کے تاریخی اور اہم دورے کو پاکستان اور ایران کے درمیان دوستی، بھائی

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل وزیراعظم یوتھ لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت بیوٹمز یونیورسٹی میں اسٹوڈنٹس میں لیپ ٹاپ تقسیم کر رہے ہیں

ہزارہ ٹاؤن بی این پی کی یونٹ سازی مہم، نعمت ہزارہ اور کاشف حیدری ضلعی کونسلر منتخب

عوامی مینڈیٹ پامال کر کے غیر سیاسی عناصر کو مسلط کیا گیا، بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (بی پی آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام شہید حاجی محمدی یونٹ ہزارہ ٹاؤن کا انتخابی اجلاس نعمت ہزارہ کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ضلع کوئٹہ کے آرگنائزر حاجی میر وحید لہڑی نے کی جبکہ بی ایس او کے مرکزی سیکرٹری جنرل ولید صمد بلوچ مہمان خصوصی تھے۔ اجلاس میں ڈاکٹر جاوید بلوچ، میر کاول خان مری، لالا عبدالغفار مینگل اور دیگر مرکزی و ضلعی رہنماؤں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ جمہوری اداروں کو کمزور کر کے ملک کو سیاسی اور معاشی بحرانوں کی جانب دھکیلا جا رہا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ عوامی مینڈیٹ کو پامال کر کے غیر سیاسی عناصر کو اسمبلیوں پر مسلط کیا گیا ہے، جس کی وجہ سے بلوچستان بدحالی اور ناانصافی کا شکار ہے۔ رہنماؤں نے سیاسی کارکنوں کی جبری گمشدگیوں اور خواتین کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے انسانی حقوق کی خلاف ورزی قرار دیا۔ اجلاس کے اختتام پر انتخابی عمل کے ذریعے عابد حسین یونٹ سیکرٹری، محمد ضیا ڈپٹی سیکرٹری جبکہ نعمت ہزارہ اور کاشف حیدری ضلعی کونسلر منتخب ہوئے، جنہیں پارٹی کو فعال بنانے کی ذمہ داری

بارکھان، گرمی کی لہر میں شدت، ٹھنڈے مشروبات اور آئس کریم کی مانگ میں زبردست اضافہ

شہریوں کا دن رات دکانوں پر رش، فریش جوس اور برف کی فروخت عروج پر پہنچ گئی

بارکھان (بی پی آئی) بارکھان اور گردونواح میں گرمی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی شہریوں نے گرمی کا توڑ نکالنے کے لیے ٹھنڈے مشروبات، فریش جوس اور آئس کریم کی دکانوں کا رخ کر لیا ہے۔ موسم کی تبدیلی اور تپش بڑھتے ہی بازاروں میں ان اشیا کی دکانوں پر غیر معمولی رش دیکھنے میں آ رہا ہے، جہاں شہری بڑی تعداد میں اپنی پیاس بجھانے اور گرمی کی شدت کم کرنے کے لیے پہنچ رہے ہیں۔ مقامی دکانداروں کے مطابق، گرمی بڑھتے ہی کاروبار میں واضح تیزی ریکارڈ کی گئی ہے۔ فریش جوس، آئس کریم اور برف کی مانگ اس قدر بڑھ گئی ہے۔۔

کنٹریکٹ اساتذہ کی مستقلی اور سروس مسائل حل کیے جائیں، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (بی پی آئی) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان کے میڈیا سیل نے اساتذہ کے دیرینہ سروس مسائل، کنٹریکٹ پالیسی اور پروموشن کے حوالے سے ایک اہم پریس بیان جاری کیا ہے، جس میں تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے اساتذہ کے جائز مطالبات کو فوری حل کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

کراچی، خفیہ اطلاعات پر رینجرز کا چھاپہ، 5 ملزمان گرفتار

کراچی (بی پی آئی) مجاہد کالونی ناظم آباد میں خفیہ اطلاعات پر رینجرز نے چھاپہ مارتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان رینجرز کے مطابق ملزمان سٹریٹ کرائم، منشیات فروشی اور جیب تراشی کی وارداتوں میں ملوث تھے، گرفتار ملزمان سے موٹر سائیکل، موبائل فونز اور نقدی برآمد کر لی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ ملزمان شادی ہالوں اور شاپنگ مالز کے باہر ریڑھی فروش بن کر وارداتیں کرتے تھے، ملزمان غیر محفوظ موٹر سائیکلیں اور پرزہ جات چوری کر کے فروخت کرتے تھے علاوہ ازیں گرفتار ملزمان کے خلاف کراچی کے مختلف تھانوں میں مقدمات درج ہیں۔

پاک فوج دنیا کی بہترین فورس اور قوم کی محافظ ہے، میر منظور خان جمالی

نصیر آباد ڈویژن مسلم لیگ کا مضبوط قلعہ ہے، دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کامیاب نہیں ہونے دیں گے

اوستہ محمد (بی پی آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما میر منظور خان جمالی نے کہا ہے کہ ہمیں فخر ہے کہ دنیا کی بہترین افواج پاکستانی قوم کی محافظ ہیں، جس نے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر بہترین کارکردگی سے قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مسلم لیگ کے ضلعی صدر علی محمد مستوئی، بانی رکن طاہر نعمانی، اکبر چانڈیو اور ضلعی جنرل سیکرٹری مشتاق احمد بھی موجود تھے۔ میر منظور جمالی نے کہا کہ وزیراعظم میاں شہباز شریف کی قیادت میں ملک جلد ترقی کی منزلیں طے کرے گا اور عوام کو حقیقی ریلیف میسر آئے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام میاں نواز شریف کی قیادت پر فخر محسوس کرتے ہیں اور صوبے کے حالات کسی صورت خراب ہونے نہیں دیے جائیں گے۔ قیام امن کے لیے غیور عوام اور مسلم لیگ کے کارکنان اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ میر منظور خان جمالی کا کہنا تھا کہ مٹھی بھر دہشت گرد عناصر کی کارروائیوں سے مرعوب نہیں ہوں گے۔

کیسکو کی صوبہ بھر میں بڑی کارروائی، کروڑوں کے واجبات پر درجنوں سرکاری محکموں کی بجلی منقطع

ڈیرہ بگٹی سے 16 کروڑ اور تربت سے ایک کروڑ روپے سے زائد کی وصولی، نادہندگان کے خلاف آپریشن جاری

کوئٹہ (بی پی آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے صوبے بھر کے تمام آپریشن سرکلز میں نادہندہ سرکاری محکموں، گھریلو اور کمرشل صارفین کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا ہے۔ بقایاجات کی عدم ادائیگی پر کوئٹہ سمیت لورالائی، سبی، پشین اور مکران سرکلز میں درجنوں سرکاری دفاتر کے برقی کنکشنز منقطع کر دیے گئے ہیں۔ کوئٹہ شہر میں محکمہ زراعت، گورنمنٹ لائبریری، محکمہ ریلوے، محکمہ صحت، بی اینڈ آر، کیو ڈی اے، فوڈ ڈیپارٹمنٹ اور کنٹونمنٹ بورڈ سمیت متعدد محکموں کی بجلی کاٹ دی گئی ہے، جن کے ذمے کروڑوں روپے کے واجبات ہیں۔ کیسکو حکام کے مطابق، کارروائی کے دوران ڈیرہ بگٹی سے 16 کروڑ 13 لاکھ روپے، تربت سے ایک کروڑ 21 لاکھ روپے اور پشین میں محکمہ پی ایچ ای سے 70 لاکھ روپے کے بقایاجات وصول کیے گئے۔ اسی طرح لورالائی اور سبی سرکلز میں بھی پولیس، تعلیم، لائیو اسٹاک اور میونسپل کمیٹیوں کے کنکشنز بلوں کی عدم ادائیگی پر منقطع کیے گئے ہیں۔ کیسکو نے تمام صارفین کو انتباہ جاری کیا ہے۔۔

چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل کے ساتھ نامناسب رویہ، تحریک اتحاد بین السادات کی مذمت

بیلا (بی پی آئی) بلوچستان تحریک اتحاد بین السادات پاکستان کے صوبائی ترجمان سید ایاز الدین جیلانی نے اوتھل میں چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سوہار شاہ کاظمی کی گاڑی کو روک کر نامناسب انداز میں چیکنگ کرنے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔

سپریم کورٹ، حق مہر میں دی گئی جائیداد کی منتقلی سے متعلق اہم قانونی اصول طے

اسلام آباد (بی پی آئی) سپریم کورٹ نے حق مہر میں دی گئی جائیداد کی منتقلی سے متعلق اہم قانونی اصول طے کر دیے۔ تین رکنی بینچ کو عدالت عظمیٰ کے جسٹس شکیل احمد نے تحریری فیصلہ جاری کیا۔ سپریم کورٹ نے تحریری فیصلہ میں لکھا مشترکہ جائیداد کا کوئی بھی حصہ دار اپنے موروثی حصے سے زیادہ جائیداد منتقل نہیں کر سکتا، شوہر مشترکہ جائیداد میں صرف اپنے حصے کی حد تک حق مہر دے سکتا ہے، پورے گھر کو حق مہر میں دینے کا دعویٰ دیگر قانونی ورثاء کے حقوق پر اثر انداز نہیں ہو سکتا۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بار بار ردوبدل عوام کے ساتھ سنگین مذاق ہے، سید امان شاہ

بھاری اضافہ اور پھر معمولی کمی کر کے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکی جا رہی ہے، کونسلر عوام پاکستان پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (بی پی آئی) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسلر سید امان شاہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز کمی بیشی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے پہلے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بھاری اضافہ کیا جاتا ہے اور پھر چند دن بعد معمولی کمی کر کے عوام کو ریلیف دینے کا ڈھونگ رچایا جاتا ہے، جو درحقیقت عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں سید امان شاہ نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات صرف ٹرانسپورٹ تک محدود نہیں رہتے بلکہ اس کے نتیجے میں اشیائے خورد و نوش، ادویات، بجلی، گیس اور روزمرہ استعمال کی تمام بنیادی اشیا کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غریب اور متوسط طبقہ پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے جبکہ حکومت کے غیر سنجیدہ فیصلوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب پٹرول اور ڈیزل مہنگے ہوتے ہیں تو پورے ملک میں کرایوں اور اشیا کی قیمتوں میں فوری اضافہ کر دیا جاتا ہے، لیکن معمولی کمی کے باوجود عوام کو کوئی حقیقی ریلیف نہیں ملتا۔ حکومت کی یہی ناقص معاشی پالیسیاں ملک میں بے چینی، کاروباری جمود اور معاشی عدم استحکام کو جنم دے رہی ہیں۔ سید امان شاہ نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین میں شفافیت لائی جائے اور عالمی منڈی میں قیمتوں میں کمی کا حقیقی فائدہ براہ راست عوام تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت فوری طور پر عوام دوست معاشی پالیسیاں تشکیل دے، بصورت دیگر عوام میں بڑھتی ہوئی بے چینی مزید سنگین صورتحال اختیار کر سکتی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات صرف ٹرانسپورٹ تک محدود نہیں رہتے بلکہ اس کے نتیجے میں اشیائے خورد و نوش، ادویات، بجلی، گیس اور روزمرہ استعمال کی تمام بنیادی اشیا کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہیں۔

نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، حاجی خان محمد بڑیچ اور عبدالصمد کے ساتھ مرحوم خوشدل خان کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

معرکہ حق پاکستانی قوم کی جرات اور قومی غیرت کی روشن مثال ہے، میر جعفر کریم خان بھنگر

دشمن وطن عزیز کی سلامتی کو نقصان پہنچانے کے خواب دیکھنا چھوڑ دے، پوری قوم افواج کے ساتھ کھڑی ہے

چھتر (بی پی آئی) میر جعفر کریم خان بھنگر نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ معرکہ حق پاکستانی قوم کی جرات، بہادری اور قومی غیرت کی وہ روشن مثال ہے جو تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے جس پیشہ وارانہ مہارت سے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا، اس پر پوری قوم کو فخر ہے اور یہ واضح ہو چکا ہے کہ وطن عزیز کی سلامتی اور خودمختاری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ میر جعفر کریم خان بھنگر نے مزید کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے، مگر جب بھی دشمن نے میلی آنکھ سے دیکھا تو قوم نے سیسہ پلائی دیوار بن کر ثابت کر دیا کہ وہ متحد ہیں۔ انہوں نے وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا اور غازیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ قوم کے اصل ہیرو ہیں جن کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جائیں گی۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ اتحاد اور قومی یکجہتی کو فروغ دیں تاکہ ملک دشمن عناصر کے عزائم کو ہمیشہ کے لیے ناکام بنا کر پاکستان کو مزید مضبوط اور مستحکم بنایا

پولیس اہلکاروں کے دوسرے اضلاع میں تبادلوں سے بدامنی میں اضافہ ہوا ہے، افغان قومی موومنٹ

کوئٹہ (بی پی آئی) افغان قومی موومنٹ (اے کیو ایم) کے مرکزی دفتر سے جاری ایک پریس ریلیز میں قلعہ عبداللہ سمیت صوبے کے دیگر اضلاع سے پولیس اہلکاروں کے دور دراز تبادلوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ان اقدامات سے علاقے میں بدامنی میں اضافہ ہوا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے

ٹھٹھہ، جنگشاہی ریلوے اسٹیشن کے قریب مال گاڑی حادثے کا شکار

ٹھٹھہ (بی پی آئی) ضلع ٹھٹھہ میں جنگشاہی ریلوے اسٹیشن کے قریب مال گاڑی حادثے کا شکار ہوگئی۔ ریلوے حکام کے مطابق انجن سمیت مال گاڑی کی 3 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں، اپ لائن ٹریک متاثر ہوا۔ ریلوے حکام نے بتایا کہ حادثہ ٹرین کے ایئر پریشر بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا۔

کسٹم گودام آتشزدگی کرپشن کی انتہا ہے، ولو ناصر، باری مشوانی

ٹرانسپورٹروں کا کروڑوں روپیہ جلا کر خاکستر کر دیا گیا۔ حاجی طور جان، حاجی عبدالجلیل، حاجی عنایت

کراچی، کوئٹہ (بی پی آئی) آل کوئٹہ کراچی بس ایکشن کمیٹی کراچی کے صدر حاجی ولو ناصر، جنرل سیکرٹری عبدالباری مشوانی، دیگر عہدیداروں حاجی طور جان، حاجی عنایت اللہ اور حاجی عبدالجلیل نے لکپاس کسٹم گودام میں مبینہ سازش کے تحت ہونے والی آتشزدگی کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ٹرانسپورٹروں کو معاشی طور پر تباہ کرنے کی منظم کوشش قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رہنماؤں نے کہا کہ اس افسوسناک واقعہ نے سینکڑوں ٹرانسپورٹروں کی جمع پونجی کو جلا کر راکھ کر دیا اور محنت کش طبقہ شدید ذہنی و مالی کرب میں مبتلا ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابتدائی شواہد اور حالات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ یہ واقعہ محض حادثہ نہیں بلکہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کا حصہ معلوم ہوتا ہے۔ رہنماؤں نے دعویٰ کیا کہ چاندی کے اینٹوں کے غائب ہونے کا معاملہ بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے، جس کی غیر جانبدارانہ تحقیقات ناگزیر ہو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹر برادری کو مسلسل نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔۔

صوبائی وزیر فیصل جمالی کی کاوشوں سے سیر مائنر پل کی تعمیراتی کام میں تیزی

سندھ اور بلوچستان کو ملانے والی اہم گزرگاہ کی تعمیر سے تجارتی سرگرمیوں اور آمد و رفت میں سہولت ملے گی، عوامی حلقے

گنداخہ (بی پی آئی) عوامی لیڈر و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی دلچسپی سے سندھ اور بلوچستان کو ملانے والی اہم گزرگاہ سیر مائنر پل کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ پل کی تعمیر حاجی امید خان محمد شیخی بلڈرز اینڈ سنز کی جانب سے کی جا رہی ہے جبکہ منصوبے کی نگرانی منشی محمد یعقوب سرپرہ کر رہے ہیں۔ تحصیل پریس کلب گنداخہ کی ٹیم نے جاری ترقیاتی کام کا جائزہ لینے کے لیے موقع کا دورہ کیا اور تعمیراتی معیار کو جدید تقاضوں کے مطابق بہترین اور تسلی بخش قرار دیا۔ اس موقع پر فیصل محمد جمالی، سابق کونسلر عبدالکریم جمالی اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے صوبائی وزیر فیصل جمالی کے اس عوام دوست اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ پل کی تکمیل سے دونوں صوبوں کے درمیان رابطے مضبوط اور تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔

جمعیت نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مدرسہ اشرفیہ محمد خان کالونی نواں کلی کے دستار فضیلت کے موقع پر تحفظ مدارس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کسٹم آتشزدگی واقعہ نہیں سازش ہے، گرینڈ ٹرانسپورٹرز اتحاد

ٹرانسپورٹروں کی کروڑوں روپے مالیت کی گاڑیاں، کوچز اور سامان جلا کر راکھ کر دیا گیا، حکمت لہڑی، وحید کاکڑ، قادر رئیسانی

کوئٹہ (بی پی آئی) آل بلوچستان گرینڈ ٹرانسپورٹرز اتحاد کے ممتاز ٹرانسپورٹرز حاجی میر حکمت لہڑی، حاجی دولت خان لہڑی، حاجی وحید خان کاکڑ، حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی، حاجی میر عبدالقادر رئیسانی، حاجی میرا اکبر لہڑی، حاجی موسیٰ جان اچکزئی، حاجی نصر اللہ دعوار، حاجی علی محمد، حاجی ابراہیم اور دیگر نے لکپاس کسٹم گودام میں ہونے والے آتشزدگی کے واقعہ کو ایک گھناؤنی سازش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ محض حادثہ نہیں بلکہ کرپشن چھپانے، شواہد مٹانے اور ٹرانسپورٹروں کے کروڑوں روپے مالیت کے سامان کو ہڑپ کرنے کی منظم کوشش ہے۔ مشترکہ بیان میں ٹرانسپورٹ رہنماؤں نے دعویٰ کیا کہ اس آتشزدگی میں ٹرانسپورٹروں کی کئی کوچز، بسیں، کوچز، ٹو ڈی گاڑیاں اور دیگر قیمتی سامان جلا کر راکھ کر دیا گیا، جس سے ٹرانسپورٹر برادری کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ کسٹم پہلے ہی اربوں روپے مالیت کی چاندی کی اینٹوں کی مبینہ تبدیلی کے سنگین اسکینڈل کی زد میں ہے، جبکہ اب لکپاس کسٹم گودام میں اچانک لگنے والی آگ نے اس شبہ کو مزید تقویت دی ہے کہ یہ سب کچھ کرپشن کے ثبوت مٹانے کیلئے کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مختلف کارروائیوں میں ضبط شدہ سامان، جن کے مقدمات عدالتوں میں زیر سماعت تھے، آگ کی نذر ہو گئے، جبکہ اطلاعات ہیں کہ اصل اشیا کو پہلے ہی مارکیٹ میں فروخت کیا جا چکا تھا۔ اور ریکارڈ برابر کرنے کیلئے آگ کا سہارا لیا گیا تاکہ تمام شواہد ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائیں۔

ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم مسلح افراد دو موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقدی چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (بی پی آئی) ڈیرہ مراد جمالی دو ڈکیتی کے واقعات دو موٹر سائیکل دو عدد موبائل فون و نقدی چھین لی گئی ملزمان فرار ہو گئے پولیس کے مطابق سٹی پولیس تھانہ ڈیرہ مراد جمالی کی حدود شرقی ریلوے اسٹیشن کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر شہزادہ جویا سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ جبکہ ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ منگولی کی حدود کلالاڑو مین قومی شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد ہے۔۔

تھانہ بھارہ کہو کی حدود سے 2 ماہ کی مغوی بچی چند گھنٹوں میں مری سے بحفاظت بازیاب

اسلام آباد (بی پی آئی) اسلام آباد تھانہ بھارہ کہو کی حدود سے 2 ماہ کی مغوی بچی چند گھنٹوں میں مری سے بحفاظت بازیاب ہو گئی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد کے مطابق اغوا میں ملوث ملزمہ اور ٹیکسی ڈرائیور کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ملزمہ بچی کو بہانے سے اپنے گھر لے گئی اور پھر فرار ہو گئی تھی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے بتایا ہے کہ ملزمہ محلے میں جعلی نام سے رہائش پذیر تھی۔

پی ٹی آئی کارکن صنم جاوید طبیعت خراب ہونے پر جیل سے ہسپتال منتقل

اہلیہ کو آنکھ اور معدے میں تکلیف کے باعث جناح ہسپتال لایا گیا، شوہر صنم جاوید

لاہور (بی پی آئی) لاہور کی کوٹ لکھپت جیل میں قید پی ٹی آئی کی کارکن صنم جاوید جناح کو طبیعت خرابی کے باعث ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ صنم جاوید کے شوہر کے مطابق اہلیہ کو آنکھ اور معدے میں تکلیف کے باعث جناح ہسپتال لایا گیا ہے، انکی بیماری سے متعلق تفصیلات نہیں بتائی جا رہی ہیں۔ واضح رہے کہ صنم جاوید کو نومئی کے مقدمے میں پانچ سال قید کی سزا ہوئی ہے۔ اور وہ کوٹ لکھپت جیل میں قید ہیں۔

لاہور، رات گئے موٹر سائیکل اور ٹریکٹر ٹرالی میں ٹکر، 3 افراد جاں بحق

ڈی ایس پی ٹریفک عقیل گجر نے فوری جائے وقوعہ پر پہنچ کر ٹریکٹر ٹرالی ڈرائیور کو حراست میں لے لیا

لاہور (بی پی آئی) ٹھنڈی سڑک پر رات گئے موٹر سائیکل اور ٹریکٹر ٹرالی میں خوفناک ٹکر کے نتیجے میں 3 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ ذرائع کے مطابق حادثے میں 2 افراد موقع پر جبکہ ایک دوران ریسکیو جان کی بازی ہار گیا، ڈی ایس پی ٹریفک عقیل گجر نے فوری جائے وقوعہ پر پہنچ کر ٹریکٹر ٹرالی ڈرائیور کو حراست میں لے لیا۔ جاں بحق افراد میں 45 سالہ شاہد، 35 سالہ محسن ہارون اور 26 سالہ عدنان شامل ہیں، حادثہ سندر داس چوک سے جانب سلطان پلی

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کوئٹہ حافظ محمد طارق لوکل و ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے بروقت اجراء کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
بلوچستان کا کثیر الاشاعت
ABC Certificate
ممبر آف APNS
روزنامہ بلوچستان لائنز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر حاجی بابو خروٹی
ایڈیٹر محمد بلال خروٹی
Ph:081-2827012
Email:balochistanlines@gmail.com

پبلشر حاجی بابو خروٹی نے روزنامہ بلوچستان کوئٹہ سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر کبیر بلڈنگ کمرہ نمبر D-13 جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

امریکا، اسرائیل، ایران جنگ اور پاکستان کا مستقبل!

سرور منیر را

یہ جنگ عالمی سیاست میں نئی صف بندیوں کو بھی جنم دے رہی ہے

عالمی سیاست ایک بار پھر ایسے پیچیدہ اور نازک مرحلے میں داخل ہو چکی ہے جہاں اس جنگ کے اثرات پوری دنیا کے توازن کو بدل سکتے ہیں۔ مشرق وسطیٰ میں یہ کشیدگی اب ایک کھلی جنگ کی شکل اختیار کرتی دکھائی دے رہی ہے۔ یہ تنازع محض طاقت کے تصادم تک محدود نہیں بلکہ اس کے اثرات عالمی معیشت، سفارتی اتحادوں اور خطے کے مستقبل پر گہرے اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ اس تناظر میں سب سے اہم سوال یہ ہے کہ پاکستان اس بدلتی ہوئی صورتحال میں کہاں کھڑا ہے اور اس کا مستقبل کیا ہو سکتا ہے؟

سب سے پہلے اس جنگ کے عالمی اثرات کو سمجھنا ضروری ہے۔ مشرق وسطیٰ دنیا کی توانائی کی سپلائی کا مرکز ہے، اور اس خطے میں کسی بھی قسم کی جنگ کا براہ راست اثر عالمی معیشت پر پڑتا ہے۔ خصوصاً آبنائے ہرمز، جہاں سے دنیا کے تیل کا بڑا حصہ گزرتا ہے، سمندر کا یہ تجارتی راستہ سب سے حساس نقطہ بن چکا ہے۔ اگر یہاں رکاوٹ مزید بڑھتی رہی تو تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتیں نہ صرف ترقی یافتہ بلکہ ترقی پذیر ممالک کی معیشت کو بھی ہلا کر رکھ دیں گی۔

یہ جنگ عالمی سیاست میں نئی صف بندیوں کو بھی جنم دے رہی ہے۔ ایک طرف امریکا اور اس کے اتحادی ہیں، دوسری طرف ایران کے ساتھ خطے کی کچھ قوتیں کھڑی نظر آتی ہیں، جب کہ ہمارے خطے کی بڑی طاقتیں چین اور روس محتاط حکمت عملی اختیار کیے ہوئے ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دنیا ایک مرتبہ پھر بلاکس کی سیاست کی طرف بڑھتی دکھائی دیتی ہے، جہاں اصولوں سے زیادہ مفادات کو اہمیت حاصل ہوگی۔ اس صورتحال میں پاکستان کے لیے چیلنجز بھی ہیں اور مواقع بھی۔ سب سے بڑا چیلنج معاشی ہے۔

پاکستان کی معیشت پہلے ہی دباو کا شکار ہے اور تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتیں اس دباو کو مزید بڑھا سکتی ہیں۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی، کرنٹ اکاونٹ خسارہ اور مالیاتی مشکلات، یہ سب ایسے مسائل ہیں جو اس جنگ کے باعث مزید شدت اختیار کر سکتے ہیں۔ دوسرا اہم پہلو پاکستان کی جغرافیائی اور سفارتی پوزیشن ہے۔ پاکستان ایک ایسے خطے میں واقع ہے جہاں مشرق وسطیٰ، جنوبی ایشیا اور وسطی ایشیا آپس میں جڑے ہوئے ہیں۔ اس کے ایران کے ساتھ برادرانہ تعلقات ہیں، جب کہ سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک کے ساتھ بھی گہرے اقتصادی روابط ہیں۔ دوسری طرف امریکا کے ساتھ بھی سفارتی اور دفاعی تعلقات موجود ہیں۔ ایسے میں پاکستان کے لیے کسی ایک فریق کا ساتھ دینا آسان نہیں بلکہ نقصان دہ بھی ہو سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے لیے سب سے بہتر حکمت عملی متوازن اور غیر جانبدار خارجہ پالیسی اختیار کرنا ہے۔

جنگ فائدہ یا نقصان

شہلا اعجاز

ایک طویل عرصے سے اسرائیل ایران کے اہم مناصب پر فائز اشخاص کو نشانہ بناتا رہا ہے

ایران کی جنگ کو اب مہینہ بھر ہونے کو ہے۔ یہ مارو یا مرجاو کی بنیاد پر ایران کی جانب سے شد و مد سے جاری ہے جب کہ دوسری جانب سے کچھ پس و پیش کے ساتھ خبریں ابھرتی نظر آ رہی ہیں لیکن کیا دونوں طاقتیں دم لیں گی یا یہ یوں ہی چلتا رہے گا۔

اس جنگ سے کس کس کو فائدہ حاصل ہو رہا ہے اور کس کو نقصان تو فوائد کی فہرست میں اگر امریکا نظر آ رہا ہے تو ایک عظیم تر نقصان کا بوجھ بھی اس کی کمر پر لدا ہے جو اس کے لڑاکا مار طیاروں کی بربادی سے جڑا ہے جن کی مالیت ہی ایک ترقی پذیر ملک کے بجٹ سے بڑھ کر ہے۔

پچیس ہزار کروڑ ڈالر کی رقم کم نہیں ہوتی لیکن طاقت کی سرمستی کے نشے کی قیمت شاید اس سے بھی بڑھ کر ہے۔ امریکا میں بھی پٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمت امریکی عوام کی طبیعت پر کس قدر گراں ثابت ہو سکتا ہے، یہ آنے والے وقتوں میں ظاہر ہو جائے گا۔ غلطیاں کس سے نہیں ہوتی لیکن حکومتوں سے سرانجام دی جانے والی غلطیاں قوموں کے سر پر بہت بھاری پڑتی ہیں، شاید اسی کا نام زوال اور تختہ الٹ سے جڑا ہے۔

ماضی میں ایران کے حکمرانوں سے جو غلطیاں ہوئی تھیں اس کا خمیازہ وہاں کی عوام نے بھگتا تو تختہ بھی پلٹا، لیکن آیت اللہ خمینی کے آنے کے بعد بھی کسی نہ کسی انداز میں ایران کو مسائل در پیش رہے لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ جس ثابت قدمی سے ایرانی عوام نے اپنی حکومت کا ساتھ دیا، اس سے لگتا ہے کہ ان کے بلند عزائم دیکھ کر ہی مخالفین ٹینشن میں گھر رہے ہیں۔

یہاں تک کہ امریکا نے ایف بائیس لڑاکا طیارے، جس کی پردہ پوشی کب سے کی جا رہی تھی، انتہائی طاقتور اور مہنگے طیارے ہیں۔ ابھی تک امریکا نے کسی بھی ملک کو فروخت نہیں کیے۔ اب اسرائیل میں ڈیوٹی پر لگا دیے ہیں کہ وہ کھل کر ایران پر گرجنا چاہتے ہیں لیکن کیا ایران کے بلند عزائم کے سامنے ان کے طاقتور طیارے کام آ سکیں گے۔

مسائل وہی ہیں جنھیں ایک عرصے سے نظر انداز کیا جا رہا تھا یا بچا جا رہا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ سابقہ شہید رہنما آیت اللہ خامنہ ای کے مقابلے میں ان کے صاحب زادے مجتبیٰ خامنہ ای زیادہ جنگجو اور دبنگ ہیں۔

ایک طویل عرصے سے اسرائیل ایران کے اہم مناصب پر فائز اشخاص کو نشانہ بناتا رہا ہے جس میں خاص کر ایرانی جنرل قاسم سلیمانی کو 2020 میں جس طرح امریکی ڈرون حملے میں نشانہ بنایا گیا گو اس کے بعد امریکی فوجی اڈوں پر ایران کی جانب سے حملے کیے گئے تھے لیکن یوں کہ جیسے ضرورت کے تحت کہ نام تو آئے۔

درحقیقت یہ چھوٹی موٹی کارروائیاں نہ تھیں بلکہ ایرانی لیڈران کی ہمت اور جذبات کو اکسانے کا بہانہ تھا جسے کبھی ایٹمی سائنس دانوں کا قتل تو کبھی خواتین کے پردے کے خلاف احتجاج، حکومت کے خلاف سرگرمیاں ایسی بڑھ رہی تھیں کہ گمان کیا جا رہا تھا کہ جیسے ایران کا تختہ پلٹا کہ پلٹا لیکن ایسا نہ ہوا اس کے بعد فلسطینی لیڈر اسماعیل ہنیہ کی ایران میں شہادت ایک کھلی بدمعاشی کی تحریک تھی لیکن پھر بھی نظر انداز، یہاں تک کہ انگلی پکڑتے پکڑتے گلے تک پہنچنے کے لیے تراکیب بھاری بھرکم انداز میں اختیار کر لی گئیں یوں آیت اللہ خامنہ ای سے مجتبیٰ خامنہ ای تک سپریم لیڈر کی منتقلی ایک نئے نظریے کے ساتھ امریکا کے لیے بھاری ہی پڑ رہی ہے۔ ایک طویل عرصے سے یہ بھی کہا جا رہا تھا کہ فلسطینی عوام کے لیے اگر ایران متحرک ہے تو کیا ایران میں بسنے والے بڑی تعداد میں یہودی اپنی حکومت کے ساتھ کھڑے ہیں یا وہ بھی نیتن یاہو کے خاموش جاسوس کی طرح نگرانی پر مامور ہیں شاید یہ آیت اللہ خامنہ ای کی برداشت یا درگزر تھی جس کے بعد وہ سارے پوشیدہ در واضح ہو گئے، کالی بھیڑیں پکڑ میں آ گئیں۔

آج کا ایران اپنے وجود کے بقا کے لیے سرگرداں ہیں کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اس کے سامنے والے نہ صرف چالاک، عیار ہیں بلکہ ماہر بھی ہیں جنھیں ہر طرح سے اپنے کام نکلوانے کا گر آتا ہے۔

حکومتیں گرتی ہیں اور بنتی ہیں لیکن رلتے عوام ہیں۔ ایران امریکا اور اسرائیل کی اس جنگ میں روس کو اپنے تیل کی فروخت کے سلسلے میں بڑا اہم مقام حاصل ہو رہا ہے تو دوسری جانب یوکرین کے سلسلے میں اسے بڑا فائدہ بھی مل رہا ہے کہ امریکا اس وقت ایران سے نبرد آزما ہے، لہٰذا یوکرین کی جانب سے تنہائی اور مسائل ہی بدترین ہتھیار ثابت ہو رہے ہیں۔

روس اپنے بھرپور حملوں سے یوکرین کو ایک بار پھر حاصل کر کے اپنے وجود میں ضم کرنے پر جڑا ہے۔

ڈونلڈ ٹرمپ اپنی عمر کا ایک طویل عرصہ خوش باش گزار چکے ہیں انھیں بزنس ڈیلنگز کا اچھا تجربہ رہا ہے لیکن یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ سیاسی کردار میں وہ ناکام ثابت ہو رہے ہیں صرف یہ ہی نہیں امریکا نے اپنی سابقہ جنگوں کی ناکامی سے بھی کچھ نہ سیکھا اور ایک بار پھر اپنی مظلوم افواج کو ایک بڑی آگ میں جھونکنے کے لیے تیار بیٹھا ہے۔ افغانستان میں ایک طویل عرصہ گزارنے کے بعد جہاں افغانستان میں معاشی اور سیاسی طور پر بگاڑ پیدا کر کے نفسیاتی اور مالی الجھنوں کے ساتھ امریکی فوج لوٹی تھی۔ اس کے تجربے سے کچھ سیکھنے کے بجائے ایک بار پھر زمینی جنگ کے لیے اپنے فوجیوں کو اتارے جانے کی پلاننگ میں مصروف ہے۔

یاد رہے کہ اس بار ان کے سامنے افغانستان کی طرح کوئی چھوٹا ملک نہیں ہے بلکہ ایران جیسا عظیم تاریخی پس منظر رکھنے والا ملک ہے۔ سوال پھر وہی کہ اس خونریزی سے کس کو فائدہ اور کس کو نقصان پہنچ رہا ہے تو جنگ کرنے والے اور مسلط کرنے والے دونوں ہی بڑے نقصان کے بیچ جھول رہے ہیں اور عوام رل رہے ہیں۔

اور فیصلے انصاف کے بجائے سیاسی مقاصد کے تابع ہو سکتے ہیں۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ کسی بھی قوم کو اجتماعی طور پر مجرم قرار دینا خود ایک غیر انسانی عمل ہے۔

اسرائیلی قانون سازی کا یہ رجحان اسی سمت کی طرف اشارہ کرتا ہے جہاں فرد کے بجائے پوری قوم کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ یہ نہ صرف بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے بلکہ انسانی ضمیر کے بھی خلاف ہے۔

فلسطین کا مسئلہ محض ایک جغرافیائی تنازع نہیں بلکہ یہ ایک اخلاقی سوال ہے، ایسا سوال جو ہم سب سے یہ پوچھتا ہے کہ ہم انصاف کے کس تصور پر یقین رکھتے ہیں۔ کیا ہم اس دنیا کو اس اصول پر چلانا چاہتے ہیں کہ طاقتور جو چاہے کرے یا ہم ایک ایسے نظام کے لیے جدوجہد کریں گے جہاں ہر انسان کی زندگی برابر اہمیت رکھتی ہو؟ آج جب ہم اس بل پر غور کرتے ہیں تو ہمیں یہ بھی سوچنا چاہیے کہ اگر ہم اس کے خلاف آواز نہیں اٹھاتے تو کل یہی اصول کسی اور جگہ کسی اور قوم کے خلاف استعمال ہو سکتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی کسی ظلم کو نظر انداز کیا گیا وہ بڑھ کر ایک بڑے المیے میں تبدیل ہو گیا۔

انسانیت کا بنیادی اصول یہی ہے کہ ہم ہر قسم کے جبر کے خلاف کھڑے ہوں چاہے وہ کسی بھی طرف سے کیوں نہ ہو۔ ہمیں فلسطینی عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت کرنی چاہیے مگر ساتھ ہی ہمیں ہر اس عمل کی بھی مخالفت کرنی چاہیے جو انسانی زندگی کی حرمت کو پامال کرے چاہے وہ کسی ریاست کی طرف سے ہو یا کسی ردعمل کے طور پر۔ یہ وقت ہے کہ ہم اپنے ضمیر سے سوال کریں۔ کیا ہم خاموش تماشائی بنے رہیں گے یا ہم ناانصافی کے خلاف اپنی آواز بلند کریں گے؟ کیونکہ آخر کار انسانیت کی بقا اسی میں ہے کہ ہم زندگی کو موت پر ترجیح دیں۔۔

سزائے موت

زاہدہ حنا

انسانیت ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ ظلم کا جواب ظلم نہیں ہو سکتا

دنیا کے اس عہد میں جب انسان نے چاند پر قدم رکھ لیا ہے، مصنوعی ذہانت کے ذریعے نئی دنیائیں تخلیق کی جا رہی ہیں اور عالمی سطح پر انسانی حقوق کے بلند و بانگ دعوے کیے جاتے ہیں، وہیں کچھ خطے ایسے ہیں جہاں زندگی کی حرمت آج بھی سیاسی مفادات کے قدموں تلے روندی جا رہی ہے۔

اسرائیلی پارلیمان میں فلسطینیوں کے لیے سزائے موت کا بل اسی تلخ حقیقت کی ایک نئی اور بھیانک مثال ہے۔ یہ محض ایک قانون سازی نہیں بلکہ ایک پوری قوم کو بطور ہدف پیش کرنے کی منظم کوشش ہے، ایسی کوشش جو انصاف کے بجائے انتقام کو قانونی جواز دینے کی راہ ہموار کرتی ہے۔ سزائے موت بذات خود ایک متنازع سزا ہے۔ دنیا کے بیشتر ترقی یافتہ ممالک اس سے دستبردار ہو چکے ہیں کیونکہ یہ ناقابل واپسی ہے، اگر انصاف کے عمل میں ذرا سی بھی لغزش ہو جائے تو ایک بے گناہ زندگی ہمیشہ کے لیے ختم ہو سکتی ہے، لیکن یہاں معاملہ صرف سزائے موت کا نہیں بلکہ اس کے اطلاق کا ہے کہ اسے کس کے خلاف استعمال کیا جا رہا ہے اور کیوں۔ جب ایک ریاست کسی مخصوص قوم یا نسل کو نشانہ بنا کر اس سزا کو قانونی شکل دینے لگے تو یہ محض قانون نہیں رہتا بلکہ جبر کا ایک ہتھیار بن جاتا ہے۔ فلسطینی عوام کئی دہائیوں سے ایک ایسی جدوجہد میں مصروف ہیں جسے دنیا مختلف نام دیتی ہے کوئی اسے مزاحمت کہتا ہے کوئی دہشت گردی۔ مگر تاریخ ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ جب کسی قوم سے اس کی زمین شناخت اور آزادی چھین لی جائے تو مزاحمت ایک فطری ردعمل بن جاتی ہے۔

الجزائر سے لے کر ویتنام تک جنوبی افریقہ سے لے کر لاطینی امریکا تک ہر جگہ آزادی کی تحریکوں کو پہلے مجرم قرار دیا گیا اور بعد میں انھیں حق بجانب تسلیم کیا گیا۔ فلسطین کی کہانی بھی اسی تسلسل کا حصہ ہے۔ ایسے میں سزائے موت کا یہ مجوزہ قانون دراصل فلسطینی مزاحمت کو کچلنے کی ایک نئی حکمت عملی ہے۔ یہ قانون ایک واضح پیغام دیتا ہے کہ نہ صرف مزاحمت کو برداشت نہیں کیا جائے گا، بلکہ اس کے جواب میں انتہائی سخت اور حتمی سزا دی جائے گی۔ یہ ریاستی طاقت کا وہ چہرہ ہے جو انصاف کے لبادے میں ملبوس ہو کر سامنے آتا ہے، مگر اس کے اندر انتقام، خوف اور کنٹرول کی خواہش پوشیدہ ہوتی ہے۔ انسانی حقوق کے علمبردار ممالک جو دیگر خطوں میں جمہوریت اور آزادی کے نام پر مداخلت کرتے ہیں یہاں خاموش نظر آ رہے ہیں۔ یہ خاموشی اتفاقی نہیں بلکہ عالمی سیاست کے اس دہرے معیار کا حصہ ہے جہاں انصاف کا پیمانہ طاقتور کے مفاد کے مطابق بدلتا رہتا ہے۔ جب ظلم ایک طاقتور ریاست کی طرف سے ہو تو اسے اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے یا اس کا جواز پیش کیا جاتا ہے۔ ایران کی جانب سے اس بل کے ردعمل میں اسی نوعیت کے اقدامات کی بات کرنا بھی ایک خطرناک رجحان کی نشاندہی کرتا ہے۔ بظاہر یہ ایک جوابی حکمت عملی معلوم ہوتی ہے مگر حقیقت میں یہ اس دائرہ تشدد کو مزید وسیع کرتی ہے جس میں ہر فریق اپنی کارروائی کو دفاع کے نام پر جائز قرار دیتا ہے۔ انسانیت ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ ظلم کا جواب ظلم نہیں ہو سکتا، اگر ایک ریاست غیر انسانی قانون نافذ کرتی ہے تو اس کا حل یہ نہیں کہ دوسری ریاست بھی وہی راستہ اختیار کرے۔ اس سے صرف نفرت، تشدد اور عدم استحکام میں اضافہ ہوتا ہے۔ سزائے موت کے خلاف ایک بنیادی دلیل یہ بھی ہے کہ یہ سزا ریاست کو ایک ایسا اختیار دیتی ہے جو کسی بھی صورت میں غلط استعمال ہو سکتا ہے۔ خاص طور پر ایسے خطوں میں جہاں انصاف کا نظام پہلے ہی سیاسی دباو اور تعصبات کا شکار ہو وہاں اس سزا کا نفاذ مزید خطرناک ہو جاتا ہے۔ فلسطینیوں کے خلاف یہ قانون اسی خدشے کو حقیقت میں بدلنے کی ایک کوشش ہے جہاں عدالتی عمل بھی طاقت کے زیر اثر آ سکتا ہے۔

بنگلہ دیش کی نئی حکومت کی آزمائش

عثمان دموہی

حسینہ واجد مجیب الرحمٰن کی بیٹی ہونے کے ناتے عوامی لیگ میں کافی اثر رکھتی تھیں حال ہی میں بنگلہ دیش میں ہونے انتخابات کے بعد بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی ملک کا اقتدار سنبھال چکی ہے۔ خالدہ ضیا اس پارٹی کی ایک مقبول رہنما تھیں، وہ تین مرتبہ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم رہ چکی تھیں۔ پچھلے سال 30 دسمبر کو وہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ ان کے انتقال کے بعد ان کا بیٹا طارق رحمان بنگلہ دیش کے نئے انتخابات میں پارٹی کی کامیابی کے بعد نیا وزیر اعظم بن چکا ہے۔

جب ان کی والدہ برسر اقتدار تھیں وہ حکومتی کاموں میں اپنی والدہ کا ہاتھ بٹاتے رہتے تھے، وہ حسینہ واجد کے دور میں سیاسی مخالفت کی وجہ سے جیل میں ڈال دیے گئے تھے۔ وہ تقریباً دو سال جیل میں رہے اور جیسے ہی رہائی ملی ملک چھوڑ کر یورپ چلے گئے تھے جہاں انھوں نے 17 سال گزارے۔ انھوں نے کئی مرتبہ وطن آنا چاہا مگر ان کی والدہ نے انھیں روک دیا کیونکہ وہ خود حسینہ واجد کے سیاسی انتقام کی وجہ سے طویل جیل کاٹ رہی تھیں، وہ نہیں چاہتی تھیں کہ بیٹا پھر قید ہو جائے۔

حسینہ واجد نے بھارتی را کی مدد سے تین بار عام انتخابات میں کامیابیاں حاصل کیں۔

وہ 2001 سے 2025 تک یعنی 24 سال تک بنگلہ دیش کی مطلق العنان حکمراں رہیں، اس سے قبل بھی وہ 1996 سے 2001 تک بنگلہ دیش کی وزیر اعظم رہ چکی تھیں۔ حسینہ واجد کے والد شیخ مجیب الرحمٰن بنگلہ دیش کے بانی کہلاتے ہیں مگر اس میں بھی تنازعہ ہے کیونکہ خالدہ ضیا کے شوہر ضیا الرحمٰن بھی خود کو بنگلہ دیش کا بانی کہتے تھے پھر ان دونوں کے دعوں سے ہٹ کر بھارت خود کو بنگلہ دیش کا بانی قرار دیتا ہے۔

حسینہ واجد مجیب الرحمٰن کی بیٹی ہونے کے ناتے عوامی لیگ میں کافی اثر رکھتی تھیں اور دراصل یہی پارٹی تھی جس نے بھارت کے ساتھ مل کر پاکستان کو دولخت کرنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ حسینہ واجد اپنے والد کے پاکستان کو توڑنے میں اہم کردار کی وجہ سے بنگلہ دیش کو اپنے والد کی میراث خیال کرتی تھیں اور اسی طرح بنگلہ دیش پر حکومت کرنا اپنا حق سمجھتی تھیں۔

ان کے اسی خیال نے انھیں بنگلہ دیش کا ایک جابر اور مغرور حکمراں بنا دیا تھا۔ مجیب الرحمٰن نے 1972 سے اگست 1975 تک بنگلہ دیش میں حکومت کی تھی مگر ان کی حکومت بھی بدعنوانی کی وجہ سے بدنام رہی تھی، وہ غریبوں کے لیے کچھ نہیں کر سکے۔

انھوں نے پاکستان کو توڑتے وقت بنگالی مسلمانوں سے جو وعدے کیے تھے، ایک بھی پورا نہیں کیا البتہ بنگلہ دیش کو بھارت کا غلام بنا دیا۔ 15 اگست 1975 کو بنگلہ دیش کی فوج کے چند جوانوں نے ان کی دھان منڈی میں رہائش گاہ پر حملہ کر کے انھیں ان کے خاندان سمیت قتل کر دیا تھا چونکہ ان کی دونوں بیٹیاں حسینہ واجد اور ریحانہ وہاں موجود نہیں تھیں وہ بچ گئی تھیں۔

حسینہ واجد 1991 میں بنگلہ دیش کی وزیر اعظم منتخب ہوئیں اور 2009 میں بھارت کی حمایت اور را کی کوششوں سے وزیر اعظم منتخب ہو گئیں۔ اس کے بعد تین عام انتخابات منعقد ہوئے جن میں وہ فاتح رہیں حالاں کہ ان انتخابات میں حد سے زیادہ بے ضابطگیاں ہوئیں۔

ان انتخابات کے وقت حزب اختلاف کی سب سے بڑی رہنما خالدہ ضیا کو جیل میں رکھا گیا تھا۔ حسینہ واجد نے مسلسل 24 سال تک حکومت کی۔ ان کی طاقت کا اصل سرچشمہ بھارت تھا۔ حسینہ کی حکومت مکتی باہنی کے دہشت گردوں پر بہت مہربان تھی کیونکہ مکتی باہنی کے دہشت گردوں نے بھی بھارتی فوج کے ساتھ مل کر پاکستان کو توڑا تھا اور یوں مجیب الرحمٰن کے خاندان کو اقتدار تک رسائی ملی تھی۔ حسینہ کی حکومت کو حد سے زیادہ بھارت سے لگاؤ اور کھلے عام کرپشن کی وجہ سے عوام میں غیر مقبول بنا دیا تھا پھر اس نے عام نوجوانوں کو نوکریاں دینے کے بجائے مکتی باہنی کے دہشتگردوں کی اولادوں کو نوکریاں دینا شروع کی تو نوجوانوں کے ساتھ ساتھ عوام بھی اس کی حکومت کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے۔

یہ احتجاج دن بدن بڑھتا ہی گیا اور چند دنوں میں پورے ملک میں پھیل گیا۔ حسینہ نے اپنے اقتدار کو بچانے کے لیے پولیس اور فوج کو استعمال کیا چنانچہ سیکڑوں نوجوانوں کو شہید کر دیا گیا مگر عوامی احتجاج جو انقلاب کی صورت اختیار کر گیا تھا نہ رکا اور بالآخر حسینہ کو ملک چھوڑ کر بھارت میں پناہ لینا پڑی۔

وہ بھارت کے سوا کسی دوسرے ملک میں پناہ لینا چاہتی تھیں مگر کسی ملک نے اپنے ہاں نہ آنے دیا کیونکہ اس کے ہاتھ اپنے ہی عوام کے خون سے آلودہ تھے۔ بنگلہ دیش میں ایک عبوری حکومت قائم ہو گئی جس کے سربراہ عالمی شہرت یافتہ بینکار اور نوبل انعام یافتہ محمد یونس مقرر ہوئے۔ وہ ایک جہاں دیدہ شخص ہیں ان کے دور میں پاکستان سے تعلقات بحال ہوئے جو حسینہ واجد کے دور میں خراب سے خراب تر ہو گئے تھے۔

انھوں نے وعدہ کے مطابق 12 فروری 2026 کو عام انتخابات منعقد کرائے جس میں بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی فاتح رہی جس کے نتیجے میں خالدہ ضیا کے بیٹے طارق رحمان وزیر اعظم بنے۔ حسینہ کے دور میں خالدہ ضیا کے ساتھ بہت زیادتیاں ہوئیں اور انھیں اکثر جیل میں رکھا گیا۔ خالدہ ضیا نے اپنے دور میں پاکستان کے ساتھ برادرانہ تعلقات قائم رکھے مگر اب ان کے بیٹے طارق رحمان کی پالیسی میں تبدیلی دیکھنے میں آئی ہے۔ انھوں نے بھارت سے پھر سے پہلے جیسے دوستانہ تعلقات قائم کرنے کا عندیہ دیا ہے۔ ایران جنگ کی وجہ سے اس وقت تمام ہی ملک ایندھن کی کمیابی کا شکار ہیں۔ طارق رحمان نے بھارت سرکار سے تیل کی درخواست کی تھی جس پر بھارت نے پانچ ہزار میٹرک ٹن پٹرول بنگلہ دیش کو فراہم کر دیا ہے۔ اس سے پتا لگتا ہے کہ بھارت بھی بنگلہ دیش سے اپنے تعلقات بہتر چاہتا ہے مگر اس نے بنگلہ دیش کے ساتھ جو زیادتیاں کیں ان کا کیا ہوگا۔ حسینہ واجد کے حکم پر ہر سال بنگلہ دیش میں 1971 میں مرنے والے بنگالیوں کی یاد میں سوگ منایا جاتا ہے جو کہ یقیناً بھارت کی فرمائش پر ہی منعقد کیا جاتا ہے تاکہ پاکستان اور اس کی فوج کو بدنام کیا جا سکے۔ بدقسمتی سے یہ دن طارق رحمان کی نئی حکومت میں پورے بنگلہ دیش میں منایا گیا جب کہ حزب اختلاف کی بڑی پارٹی جماعت اسلامی اس کے خلاف تھی کیونکہ یہ دراصل بھارت کو خوش کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ طارق رحمان بھول گئے کہ ان کی والدہ کے ساتھ حسینہ واجد نے کیا کیا ظلم کیے تھے، صرف اس لیے کہ وہ پاکستان سے دوستی کی خواہاں تھیں اور 1971 کی علیحدگی کے وقت تمام قتل و غارت گری کا ذمے دار عوامی لیگ اور اس کے دہشت گردوں کو قرار دیتی ہیں۔ اس کے دور میں پاکستان سے تجارتی تعلقات بحال ہو چکے تھے، وہ بحیثیت بنگلہ دیشی وزیر اعظم پاکستان کا دورہ بھی کر چکی تھیں۔ اب طارق رحمان کی پالیسی میں تبدیلی کے اشارے سامنے آ رہے ہیں۔ دیکھتے ہیں، آگے کیا ہوتا ہے۔

پاکستان کو اس بحران میں ثالثی اور سفارت کاری کے کردار پر غور کرنا چاہیے، تاکہ وہ نہ صرف اپنے مفادات کا تحفظ کر سکے بلکہ خطے میں امن کے قیام میں بھی کردار ادا کر سکے۔ اس جنگ کے تناظر میں پاکستان کے لیے ایک اور اہم پہلو اس کی اسٹریٹیجک اہمیت ہے۔

گوادر پورٹ اور سی پیک جیسے منصوبے اس خطے میں پاکستان کو ایک اہم اقتصادی اور جغرافیائی مقام دیتے ہیں۔ اگر خطے میں کشیدگی بڑھتی ہے تو یہ منصوبے متاثر ہو سکتے ہیں، لیکن اگر پاکستان دانشمندانہ پالیسی اختیار کرے تو وہ اس صورتحال کو ایک موقع میں بھی بدل سکتا ہے۔

تاہم سب سے اہم سوال پاکستان کے اندرونی استحکام کا ہے۔ کوئی بھی ملک اس وقت تک عالمی سطح پر موثر کردار ادا نہیں کر سکتا جب تک وہ اندرونی طور پر مستحکم نہ ہو۔ سیاسی عدم استحکام، معاشی مشکلات اور ادارہ جاتی کمزوریاں پاکستان کے لیے سب سے بڑے چیلنجز ہیں۔ اگر یہ مسائل حل نہ کیے گئے تو بیرونی بحران پاکستان کے لیے بڑی مشکلات پیدا کر سکتے ہیں۔

پاکستانی فلمی صنعت زوال پذیر کیوں؟

جبار قریشی

یہ انسانی فطرت ہے کہ انسان زیادہ دیر تک ایک ہی چیز کو بار بار دیکھ کر اکتا جاتا ہے

برصغیر کی تقسیم سے قبل متحدہ ہندوستان میں تین بڑے فلمی مراکز تھے بمبئی، کلکتہ اور لاہور، قیام پاکستان کے بعد بمبئی اور کلکتہ جو کہ اہم فلمی مراکز تھے وہ بھارت کے حصے میں آئے جب کہ لاہور جو کہ کم لاگت پر بننے والی فلموں کے حوالے سے جانا جاتا تھا وہ پاکستان کے حصے میں آیا۔

فلمی اصطلاح میں جس طرح امریکی فلمی صنعت کے لیے ہالی وڈ اور بھارتی فلمی صنعت کے لیے بالی وڈ کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے اسی طرح پاکستانی فلم انڈسٹری کے لیے لالی وڈ کی اصطلاح استعمال کی جانے لگی۔ قیام پاکستان کے بعد سب سے اہم مسئلہ یہ تھا کہ سینما گھروں کو چلانے کے لیے فلمیں کہاں سے لائیں۔ پاکستان کے بعض عناصر پاکستان کو ایک نظریاتی مملکت ہونے کی بنا پر پاکستان میں فلمی صنعت کے فروغ کے بھی خلاف تھے۔

اس طرح واضح پالیسی نہ ہونے کے باعث ہماری فلمی صنعت ابتدائی سے ہی مشکلات کا شکار رہی ہے، تاہم فلمی صنعت سے وابستہ افراد فلمی صنعت کے فروغ کے لیے کوشاں رہے اور انھوں نے اپنی مدد آپ کے تحت اسے نہ صرف برقرار رکھا بلکہ اسے پروان بھی چڑھایا۔

1960 کی دہائی میں اسے حکومتی سرپرستی حاصل ہوئی اور عروج حاصل ہوا۔ 1970 کی دہائی کا دور فلمی صنعت کے لیے سنہری دور ثابت ہوا۔ اس تمام عرصے میں پاکستانی فلم انڈسٹری نے اپنی بہترین کہانیوں اور خوب صورت موسیقی اور گیتوں کے ساتھ بہترین اور شاہکار فلمیں تخلیق کیں۔ 1980 کی دہائی میں حکومت کی سخت گیر پابندیوں، بے جا سنسر شپ اور موضوعاتی پابندیوں کے باعث فلمی صنعت زوال کی جانب گامزن ہوئی۔ اس صورت حال کا پڑوسی ملک بھارت نے خوب فائدہ اٹھایا۔

اس نے بھارتی فلموں کو فروغ دے کر اپنی ثقافت کو دنیا بھر میں اجاگر کیا جس کا اثر ہمارے ملک پر بھی ہوا اور ان کے اثرات ہمارے سماج پر بھی مرتب ہوئے اس طرح ہم اپنے پڑوسی ملک سے ثقافتی محاذ پر ناکامی سے دوچار ہوئے۔ اس صورت حال میں اس شعبے سے وابستہ باصلاحیت افراد نے اس شعبے سے لاتعلقی اختیار کر لی اور وہ اس سے کنارہ کش ہو گئے۔ اس کے بعد نتیجے میں جو فلمیں تخلیق کی گئیں وہ اپنی کمزور کہانیوں، بے ہنگم موسیقی، ناقص شاعری، گھٹیا مکالمے، فلموں کا ہماری ثقافت اور روایات سے ہم آہنگ نہ ہونا، نقل کا رجحان، نمبرون کی دوڑ میں اداکاروں کی باہمی رقابت، سرمایہ کی بنیاد پر فن سے ناواقف افراد کا اس شعبے میں داخل ہونا وہ عوامل ہیں جس نے ہماری فلمی صنعت کی رہی سہی ساکھ کو بھی ختم کر کے رکھ دیا۔

اس کے نتیجے میں فلم دیکھنے والوں نے پاکستانی فلمیں دیکھنی بند کر دی۔ ان کا رجحان بھارتی فلمیں جو وی سی آر (V.C.R) کے ذریعے پاکستان میں داخل ہو چکی تھیں دیکھنی شروع کر دیں، یوں ہمارے یہاں سینما گھروں کی صنعت ختم ہونی شروع ہو گئی اور سینما گھر مارکیٹوں، شادی ہالوں اور دیگر کاروباری مراکز میں تبدیل ہو گئے اور اس طرح فلمی صنعت مکمل طور پر زوال پذیر ہو گئی۔

اس کے باوجود اس صنعت سے وابستہ بعض مخلص افراد نے اس صنعت کو برقرار رکھا اور اس کے فروغ کے لیے کوشاں رہے اور آج بھی اس کے فروغ کے لیے کوشاں ہیں۔ میری ذاتی رائے میں تخلیقی عمل کے اظہار کے لیے آزادی فکر بنیادی شرط ہے۔

سنسر کی بے جا پابندی کے سبب تخلیقی عمل ممکن نہیں۔ غیر ضروری سنسر کی پالیسی نے فلموں کو نقصان پہنچایا ہے۔

فلم ڈرامے کے میڈیا سے قطعی مختلف ہے، فلم میں ڈرامے کے مقابلے میں انتہائی مختصر وقت میں تاثرات کے ذریعے پوری کہانی کو اسکرین پر پیش کرنا ہوتا ہے، اس پر بے جا پابندی عائد کی جاتی ہے تو فلمیں ناکامی سے دوچار ہو جاتی ہیں۔

یہ انسانی فطرت ہے کہ انسان زیادہ دیر تک ایک ہی چیز کو بار بار دیکھ کر اکتا جاتا ہے اور وہ تبدیلی کا خواہش مند ہوتا ہے اگر تبدیلی نہ ملے تو وہ اسے دیکھنا ترک کر دیتا ہے۔

ہمارے یہاں ماضی میں یہ طریقہ رہا ہے کہ فلم ایک مخصوص فارمولے پر مشتمل ہوتی تھیں جس میں کہانی کے ساتھ کچھ گانے کچھ کرداروں کے مابین تصادم اور ٹکراو، مزاح اور رومانس دیکھا جاتا تھا۔

یہ فارمولا فلمیں کافی عرصے تک دیکھی جاتی رہی جیسے ناظرین نے قبول کیا۔ وقت تبدیل ہوا، لیکن ہمارے یہاں فارمولا فلمیں بنائی جاتی رہیں جسے ناظرین بالخصوص نئی نسل نے مسترد کر دیا اور اس طرح فارمولا فلمیں ناظرین کی توجہ حاصل نہ کر سکیں اور فلمیں ناکامی سے دوچار ہوئیں۔

الفاظ کی خوب صورتی، ادب، شاعری کو جنم دیتی ہے رنگوں کی خوب صورتی مصوری کو جنم دیتی ہے۔ اسی طرح آواز کی خوب صورتی موسیقی اور جسمانی حرکات کی خوب صورتی رقص کو جنم دیتی ہے، ہمارے سماجی اقدار میں جب تک رقص اپنی اخلاقی حدود میں رہے تو پسند کیا جاتا ہے اور جب رقص بیہودگی کی شکل اختیار کر لے تو وہ فحش نگاری کے زمرے میں آتا ہے جب ہماری فلموں میں رقص نے فحش نگاری کی شکل اختیار کی تو عوام بالخصوص خواتین نے سینما گھروں کا رخ کرنا بند کر دیا اس طرح فلم دیکھنے والوں کی بڑی تعداد فلم سے لاتعلق ہو گئی جس کے نتیجے میں فلمی صنعت زوال کا شکار ہوئی۔ فلم اپنی سحر انگیزی کی وجہ سے ایک طاقتور ترین اور مقبول ترین میڈیا ہے، اس کے ذریعے نہ صرف اپنی تہذیب و ثقافت کو اجاگر کیا جاتا ہے بلکہ اپنے نظریات اور افکار کو فروغ دے کر رائے عامہ کی تشکیل بھی کی جاتی ہے۔

ہم نے فلم کے ذریعے اپنی سوچ اور کلچر کو اجاگر کرنے کے بجائے نقل کے رجحانات کو فروغ دیا جس سے نہ صرف فلم کا معیار متاثر ہوا بلکہ اس عمل نے ہماری شناخت کو بھی متاثر کیا۔ برے کرداروں کو ہیرو بنا کر پیش کرنے کا عمل، پر تشدد اور گنڈاسا کلچر پر مبنی فلمیں کچھ عرصے منافع کے اعتبار سے بہت کامیاب رہی ہیں۔

لیکن یہ رجحان بھی ہماری فلمی صنعت کے زوال کا بڑا سبب بنا ہے اس رجحان نے ملک کی ایک پڑھی لکھی اور سنجیدہ آبادی کو فلم سے دور کر دیا بلکہ خواتین جو ملک کی نصف آبادی پر مبنی ہیں وہ بھی فلم دیکھنے کے عمل سے لاتعلق ہو گئیں یوں یہ عمل فلم کی صنعت کے زوال کا باعث بنا۔ یہ وہ تمام عوامل ہیں جو ہماری فلمی صنعت کے زوال کا سبب بنے ہیں۔ ان عوامل کو دور کر کے ہم اپنی فلمی صنعت کو فروغ دے سکتے ہیں۔ ہمیں یہ بات سمجھنی چاہیے کہ فلمیں محض تفریح کا ذریعہ ہی نہیں بلکہ یہ عوام الناس کی سیاسی، سماجی، تعلیمی اور تہذیبی تربیت کا ذریعہ بھی ہیں، ان کے ساتھ یہ روزگار کی فراہمی کا بھی ایک بڑا ذریعہ ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے۔

یاد رکھیں موجودہ دور میں اخبارات، رسائل، کتب اپنی کشش کھوتے جا رہے ہیں اس کی جگہ الیکٹرک میڈیا نے لے لی ہے۔ نئی نسل الیکٹرک میڈیا کی جانب راغب ہو رہی ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ہم اس جانب توجہ دیں۔

بقیہ 1

کہ جب عوام ٹیکس نہیں دیتے تو حکومت کے پاس کوئی اور طریقہ نہیں ہوتا کہ وہ بجلی کے بلوں سے یا پٹرول سے ٹیکس اکٹھا کرے، حکومتی اخراجات پورے کرنے کیلئے لیوی پالیسی اور صورت میں ٹیکس اکٹھا کرنا پڑتا ہے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی مارکیٹ کے اثرات سے زیادہ حکومتی ٹیکسز اور لیوی کے نفاذ پر صحافیوں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے نئی توجیہہ بیان کی، انہوں نے واضح کیا کہ ملکی معیشت اور اخراجات کو سہارا دینے کیلئے حکومت کو بالواسطہ ٹیکسز کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ ایک صحافی نے ان سے سوال کیا کہ "عالمی سطح پر پٹرول کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود حکومت عوام کو ریلیف دینے کی بجائے اپنا ٹیکس اور لیوی کیوں بڑھا دیتی ہے؟"، احسن اقبال نے جواب میں کہا کہ "جب شہری اور مختلف شعبے اپنے واجب الادا ٹیکس ادا نہیں کرتے تو حکومت کے پاس ریونیو اکٹھا کرنے کیلئے کوئی دوسرا طریقہ نہیں ہوتا"۔ ان کا کہنا ہے کہ "حکومت کو اپنے انتظامی اخراجات پورے کرنے، قرضوں کی ادائیگی اور ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈز کی ضرورت ہوتی ہے، اگر براہ راست ٹیکسز جمع نہ ہوں تو حکومت مجبوراً بجلی کے بلوں اور پٹرولیم مصنوعات پر لیوی لگاتی ہے، حکومت چلانے کیلئے ہونے والے اخراجات کو ہر صورت پورا کرنا پڑتا ہے، اگر ٹیکس نیٹ نہیں بڑھے گا تو عوام کو پٹرول اور بجلی کی قیمتوں میں لیوی کی صورت میں بوجھ اٹھانا پڑے گا"۔

بقیہ 2

داران کا تعین کرنے اور مجرمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ایوب گاڈھی کا شمار مسلم لیگ کے مخلص کارکنوں میں ہوتا ہے، اپنے ڈیرے پر عوامی مسائل سنتے ہوئے ان پر حملہ انتہائی قابل تشویش ہے۔ وزیراعظم نے واقعہ میں جاں بحق ہونے والوں کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر کی دعا کی۔ انہوں نے واقعے میں زخمی افراد کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

بقیہ 3

نے ابتدائی انکوائری مکمل کر لی۔ ذرائع کے مطابق انکوائری میں ملنے والے شواہد کی بنیاد پر کیس انویسٹی گیشن کے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے، منصوبے کے لیے غیر قانونی الاٹمنٹ، چائنا کٹنگ اور جعلی الاٹمنٹ کی گئی۔ اس کے علاوہ نیب نے چھاپوں کے دوران ہزاروں پلاٹوں کی فائلیں اور شواہد قبضے میں لے لیے۔ نیب ذرائع کے مطابق قبضے میں لی گئی فائلوں میں سے 65 فیصد پر جعلی الاٹمنٹ آرڈرز پائے گئے، جعلی آرڈرز پر اسسٹنٹ ڈائریکٹرز لینڈ، ایگزیکٹو انجینئر کے دستخط ہیں، 6 مشتبہ افراد، افسران کے نام بھی پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کروا دیے گئے ہیں۔ نیب ذرائع کا کہنا ہے کہ منصوبے کی 20 ایکڑ زمین فراڈ سے آؤٹ سائیڈرز کو بیچ دی گئی۔ لیاری ایکسپریس وے سیٹلمنٹ وفاق اور سندھ کا مشترکہ منصوبہ تھا جس میں وفاقی حکومت نے 67 فیصد اور صوبائی حکومت نے 33 فیصد حصہ ڈالنا تھا۔ ذرائع کے مطابق تفتیشی ٹیم نے منصوبے میں 8 ارب روپے کی بے ضابطگیوں پر الگ انکوائری کی سفارش بھی کی ہے۔ یاد رہے کہ لیاری ایکسپریس وے ری سیٹلمنٹ منصوبہ ڈھائی لاکھ رہائشیوں کی دوبارہ آبادکاری کا منصوبہ تھا، سال 2001 سے لیاری ایکسپریس وے ری سیٹلمنٹ منصوبہ چلا آرہا ہے۔

بقیہ 4

ہے۔ انہوں نے یہ بات پیر کو یہاں انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی کیپ) کے وفد سے ملاقات میں کہی۔ وزیر خزانہ نے وفد کو حکومت کی جانب سے ٹیکس نظام میں اصلاحات کے لئے جاری اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ اصلاحات افرادی وسائل، طریقہ کار اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی ہیں۔ انہوں نے شفافیت میں اضافہ، غیر ضروری انسانی مداخلت میں کمی اور ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے کے حوالہ سے ادارہ جاتی جدید کاری، طریقہ کار میں آسانی اور خودکار نظام کے فروغ کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ وزیر خزانہ نے وزارت خزانہ کے تحت ٹیکس پالیسی آفس کے فعال ہونے کو ایک اہم ادارہ جاتی اصلاح قرار دیا جس کا مقصد پالیسی سازی کو مضبوط بنانا اور ٹیکس پالیسی و انتظامیہ کے درمیان بہتر ہم آہنگی پیدا کرنا ہے۔ اجلاس میں ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل نظام کے بڑھتے ہوئے کردار پر بھی تبادلہ خیال ہوا جو ٹیکس کی تعمیل، نگرانی اور محصولات کے نظام کو موثر بنانے میں معاون ثابت ہو رہے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ مصنوعی ذہانت پر مبنی پیداواری نگرانی اور جدید ٹیکنالوجی سے چلنے والے نگرانی کے نظام مختلف شعبوں میں دستاویزی عمل بہتر بنانے، قواعد پر عملدرآمد مضبوط کرنے اور نظام میں موجود خامیوں کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں۔ وفد نے دستاویزی معیشت، گروپ ٹیکسیشن ڈھانچے، برآمدات پر مبنی خدمات اور مختلف شعبوں میں ٹیکس کے یکساں اطلاق سے متعلق متعدد تجاویز اور سفارشات پیش کیں۔ اجلاس میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروبار میں آسانی، مسابقت بڑھانے، محصولات میں موثر اضافہ اور ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے سے متعلق امور پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وزیر خزانہ نے وفد کی جانب سے پیش کی گئی تجاویز اور سفارشات کو سراہتے ہوئے کہا کہ جاری بجٹ سازی کے عمل کے دوران ان کا بغور جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت شفاف، ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ اور سہولت فراہم کرنے والے ٹیکس نظام قائم کرنے کے لئے پر عزم ہے جو معاشی ترقی، دستاویزی معیشت کے فروغ اور بہتر حکمرانی کو یقینی بنائے۔ وفد کی قیادت آئی کیپ کے صدر سمیع اللہ صدیقی نے کی جبکہ دیگر شرکا میں نائب صدر آئی کیپ جہانزیب امین، نائب صدر احمد رضا میر اور کونسل ممبر ذیشان اعجاز شامل تھے۔

بقیہ 5

اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ برآمدات پر مبنی صنعت، ملکی ترقی کے اہداف کے حصول کے لئے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی توجہ برآمدات میں اضافے اور صنعتوں کو سہولیات فراہم کرنے پر مرکوز کئے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور صنعتیں، جو کہ برآمدات میں اضافے کے حوالے سے اہم ہیں، کو حکومتی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے لائحہ عمل تیار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے نئے کاروباروں اور صنعتوں کے فروغ کے لیے بھی حکمت عملی مرتب کی جائے جو ملکی برآمدات میں اضافے کا باعث بنیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ ملکی صنعت اور تجارت میں ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ اور جدت، ملکی مصنوعات کو عالمی مارکیٹ میں مسابقت دلانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ وزیراعظم نے برآمد کنندگان کو ٹیکس ریفنڈز کی بروقت ادائیگی کی ہدایت کی۔ اجلاس کو ملکی برآمدات میں اضافے کے حوالے سے حکمت عملی پر بریفنگ دی گئی؛ پالیسی مسودے پر اجلاس میں بحث بھی کی گئی اور شرکاء نے اپنی رائے اور تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان، وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی، وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر اور متعلقہ اعلی سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 6

بھی بنے گئے۔ ریسکیو آپریشن میں پی ڈی ایم اے کے 30 ریسکیورز، 13 ایمبولینسز اور فائر ٹرکس کے ساتھ ساتھ ایف سی اور ضلعی انتظامیہ نے حصہ

لیا۔ آپریشن کے دوران ایک ایل پی جی باؤزر میں ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں ڈی جی پی ڈی ایم اے، ڈپٹی کمشنر مستونگ، ایف سی کے ونگ کمانڈر اور اسسٹنٹ کمشنر سریاب بھی معمولی زخمی ہوئے، جنہیں فوری طبی امداد فراہم کی گئی۔ اسپتال ذرائع کے مطابق مجموعی طور پر 50 زخمیوں کو سول اسپتال، بی ایم سی اور شیخ زید اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں برن یونٹ میں زیر علاج چند مریضوں کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے، جبکہ بقیہ زخمیوں کی حالت اب خطرے سے باہر ہے۔ آتشزدگی کے باعث حفاظتی اقدامات کے طور پر بند کی گئی کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو آگ پر قابو پانے کے بعد ہر قسم کی ٹریفک کے لیے دوبارہ کھول دیا گیا ہے، جس سے مسافروں اور ٹرانسپورٹرز نے سکھ کا سانس لیا۔ ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں نے واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے تاکہ غفلت یا تکنیکی خرابی کے پہلوؤں کا تعین کیا جا سکے۔ فی الوقت جائے وقوعہ پر کولنگ کا عمل جاری ہے اور سیکیورٹی اداروں نے اطراف میں نگرانی سخت کر دی ہے۔

بقیہ 7

ہوئے چیئرمین پی ڈی اے کی تعیناتی کو غیرقانونی قرار دیا۔ عدالت نے جاوید احمد خان کو حکم دیا کہ وہ 24 گھنٹے کے اندر دفتر خالی کریں اور تمام سرکاری مراعات فوری طور پر واپس کریں۔ عدالت عالیہ نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ ایسی غیر قانونی تعیناتیاں کسی صورت قابل قبول نہیں، جبکہ مذکورہ چیئرمین کے خلاف نیب میں انکوائریاں بھی زیر التوا ہیں۔ عدالت نے حکومت بلوچستان کو ہدایت جاری کی ہے کہ قانون کے مطابق شفاف طریقے سے نئے چیئرمین کی تعیناتی عمل میں لائی جائے۔ اس فیصلے کے بعد صوبائی انتظامیہ میں ہلچل مچ گئی ہے اور حکومت نے عدالتی احکامات کی روشنی میں نئے چیئرمین کی تقرری کے لیے قانونی چارہ جوئی شروع کر دی ہے۔

بقیہ 8

انتظامیہ کی جانب سے پابندی صرف کاغذی کارروائی تک محدود ہے اور ندی کے مختلف مقامات پر شہریوں کی آمد کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جس کی نگرانی کے لیے کوئی مؤثر اقدامات نہیں کیے گئے۔ شہریوں نے وزیر اعلی بلوچستان، کمشنر قلات ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر حب سے مطالبہ کیا ہے کہ ندی کے خطرناک مقامات پر پولیس اور ریسکیو اہلکار تعینات کیے جائیں اور پابندی پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ مزید قیمتی جانی نقصان سے بچا جا سکے۔

بقیہ 9

کے مطابق موسم میں بہتری آتے ہی، آنے والی پروازوں میں سے بیشتر نے سیالکوٹ ایئرپورٹ سے اپنی منزل کیلئے اڑان بھری، وفاقی دارالحکومت میں موسم خرابی کے باعث سیالکوٹ ایئرپورٹ آنے والی تمام پروازوں نے بحفاظت لینڈ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کسی بھی پرواز میں کوئی دشواری کا سامنا نہیں ہوا، آنے والی پروازوں میں قائد اعظم جناح کی کوئٹہ سے اسلام آباد کی پرواز، پی آئی اے کی پرواز ریاض سے اسلام آباد، ایئر بلیو کی پرواز شارجہ سے اسلام آباد جبکہ ایئر سیال کی پرواز کراچی سے اسلام آباد شامل تھیں۔

بقیہ 10

جذبہ پیدا کر دیا۔ معرکہ حق کی فیصلہ کن کامیابی پر مرکوز یہ نغمہ پاکستان کی مسلح افواج اور غیور قوم کے عزم کی نمائندگی کرتا ہے۔ معرکہ حق میں پاکستان نے دفاع وطن کی خاطر دلیری اور طاقت کو اپنی عالمی پہچان بنا دیا۔ یہ نغمہ یاد دلاتا ہے کہ مئی 2025 میں متحد قوم اور مسلح افواج کی بے مثال مہارت کیسے طاقت بن کر ابھری۔ نغمے کے شاندار اشعار میں پاکستان کے عزم، ہمت اور بے مثال طاقت کو دشمن کے لیے واضح اور دو ٹوک پیغام قرار دیا۔ نغمہ میں پاکستان کی دشمن کے مقابلے میں ہر آزمائش میں سرخرو ہونے کی پرجوش للکار ہے۔ معرکہ حق کے پرمسرت موقع پر جاری کیا گیا نغمہ قومی عزم، یکجہتی اور دفاعی قوت کی علامت ہے۔ معرکہ حق بھارت جیسے مکار دشمن کو ایک کرارا جواب تھا جسے تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی۔

بقیہ 11

احمد ولد عبدالصمد اچکزئی، ساکن چمن قلعہ عبداللہ کو گرفتار کر لیا ہے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم کوئٹہ سے منشیات حب اور کراچی اسمگل کرنے کی ناکام کوشش کر رہا تھا۔ اوتھل پولیس نے گرفتار اسمگلر کے خلاف نارکوٹکس ایکٹ کی دفعہ 9(1)3C کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی نے اس کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے عزم دہرایا کہ ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن اسی تسلسل کے ساتھ جاری رہے گا۔

بقیہ 12

صحافیوں نے "سنو نیوز" سمیت دیگر چینلز کے بیورو دفاتر بند کرنے اور صحافیوں کو بے روزگار کرنے کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ مظاہرین کا مطالبہ تھا کہ کوئٹہ میں بند کیے گئے تمام ٹی وی چینلز کے دفاتر فوری بحال کیے جائیں اور نکالے گئے ورکرز کو ملازمتوں پر واپس لیا جائے۔ صحافیوں کے احتجاج کے باعث اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی ہدایت پر صوبائی وزرا اور اراکین اسمبلی علی مدد جتک، رحمت صالح بلوچ اور فرح عظیم شاہ پر مشتمل وفد نے مظاہرین سے مذاکرات کیے۔ وفد نے صحافیوں کے مطالبات کی مکمل حمایت کرتے ہوئے یقین دلایا کہ ٹی وی چینلز کی بندش اور صحافیوں کو بے روزگار کرنے کا معاملہ نہ صرف بلوچستان اسمبلی کے فلور پر اٹھایا جائے گا بلکہ اسے قومی اسمبلی اور سینیٹ تک بھی لے جایا جائے گا۔ اراکین اسمبلی کا کہنا تھا کہ پوری سیاسی قیادت صحافیوں کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کی مذمت کرتی ہے۔ حکومتی وفد کی جانب سے ٹھوس یقین دہانیوں کے بعد صحافیوں نے اپنا احتجاج اور اسمبلی کوریج کا بائیکاٹ ختم کرنے کا اعلان کیا۔

بقیہ 13

فاروق کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ سارے ہیکرز بینکوں کے سسٹم کے اندر ہی موجود ہوتے ہیں، اکاؤنٹ بعد میں کھلتا ہے، ہیکرز کے پاس ڈیٹا پہلے پہنچ جاتا ہے۔ بینک کا فرض ہے کہ اپنا سسٹم مضبوط کریں۔ جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ میرا بھی ایک نجی بینک میں اکاؤنٹ تھا، مجھے بھی فراڈ کی کال آئی تھی۔ مجھے کہا گیا کہ او ٹی پی آیا ہے وہ شیئر کریں ورنہ اکاؤنٹ بلاک ہو جائے گا، 3، 4 سال سے اکاؤنٹ میں کوئی ٹرانزیکشن نہیں ہوئی تھی تو کہہ دیا کہ بند کر دیں۔ دوران سماعت جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ میں تو آن لائن اکاؤنٹ استعمال ہی نہیں کرتا۔ لوگ بے چارے کدھر جائیں؟ الاؤنس سے پیسے کیسے نکل گئے؟ عدالت نے نشاندہی کی کہ بینکنگ محتسب، صدر مملکت اور ہائیکورٹ پہلے ہی بینک کے خلاف فیصلہ دے چکے ہیں۔ بینک کے وکیل نے عدالت میں مؤقف اختیار کیا کہ شہری نے خود اپنی ایپ سے ٹرانزیکشن کی تھی۔ شہری کا مؤقف ہے کہ ان کا نمبر چوری ہو گیا تھا۔ واضح رہے کہ لیہ کے رہائشی کے اکاؤنٹ سے 2022 میں 15 لاکھ 34 ہزار روپے نکال لیے گئے تھے۔ بینکنگ محتسب، صدر مملکت اور ہائیکورٹ نے اس معاملے پر پہلے ہی بینک کے خلاف فیصلہ دیا تھا، جس کے بعد معاملہ وفاقی آئینی عدالت میں پہنچا تھا۔

بقیہ 14

تبدیل کیا جا رہا ہے تاکہ ریلی کے وقت اس راستے پر روشنی بحال کی جا سکے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ چند سالوں کے دوران احتجاج اور سیاسی دھرنوں

میں میرین ڈرائیو پر متعدد اسٹریٹ لائٹس کو نقصان پہنچا تھا جس کے باعث علاقے کی رات کی رونق متاثر ہوئی۔ سولرائزیشن سسٹم کو ایک ماحول دوست اور توانائی کی بچت کرنے والا حل قرار دیا جا رہا ہے جو نہ صرف بجلی کے اخراجات کو کم کرے گا بلکہ لوڈشیڈنگ اور کیبل چوری جیسے مسائل کو بھی کم کرنے میں مدد دے گا۔ حکام نے بتایا کہ سولر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب سے ساحلی علاقے میں رات کے وقت آنے والے مقامی رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے تفریحی سہولیات بہتر ہوں گی اور گوادر کی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہوگا۔ یہ منصوبہ جلد مکمل ہونے کی توقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق واضح رہے کہ میرین ڈرائیو کو گوادر کے اہم سیاحتی اور تفریحی مقامات میں شمار کیا جاتا ہے جہاں روزانہ بڑی تعداد میں لوگ بحیرہ عرب کے دلکش مناظر سے لطف اندوز ہونے آتے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ اس بحالی منصوبے سے شہر کی جدید شناخت مضبوط ہوگی اور خطے میں سیاحت کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 15

ایڈووکیٹ جنرل شیک بلوچ عدالت میں پیش ہوئے۔ سرکاری وکلا نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی اور پرنسپل سیکرٹری وزیر اعلی کی جانب سے جواب داخل کرنے کے لیے عدالت سے مہلت طلب کی۔ عدالت عالیہ نے حکومت کی استدعا منظور کرتے ہوئے گزشتہ پیشی (4 مئی) کو جاری کیے گئے حکم امتناعی میں توسیع کر دی اور کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک کے لیے ملتوی کر دی۔ عدالت نے واضح ہدایت کی کہ اسمبلی کی عمارت گرانے سے متعلق ٹینڈر پر کسی قسم کی کارروائی نہیں کی جائے گی اور یہ عمل بدستور معطل رہے گا۔

بقیہ 16

نے استفسار کیا کہ چچا اور پھوپھی بچے کی حوالگی کیوں چاہتے ہیں؟ کیا حوالگی مانگنے والوں نے بھی پوچھا کہ بچے کی تعلیم کیسی چل رہی ہے؟ وکیل درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ ماں نے دوسری شادی کر لی ہے، اس پر جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیے کہ صرف خاتون کی دوسری شادی کو جواز بنا کر بچے کی حوالگی کیسے دی جا سکتی ہے۔ وکیل درخواست گزار نے عدالت کو بتایا کہ ماں نے بچے کو باپ سے ملنے والا حصہ فروخت کر دیا ہے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیے کہ کیا بچے کو اس کے باپ سے ملنے والا حصہ بھی واپس لینا چاہتے ہیں؟ ماں کے خلاف ایف آئی آر بھی کٹوائی گئی، جبکہ ماں جب عدت میں تھی اس کے خلاف ایف آئی آر درج کرائی گئی۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ ماں کے خلاف بغض اور عناد روا رکھا گیا، گارڈین کورٹ سے اجازت لے کر ہی ماں نے حصہ بیچا ہوگا، ویسے بھی عدالت کے سامنے کیس صرف حوالگی کا ہے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیے کہ لگتا ہے بچے کے مفاد کے بجائے پراپرٹی کو زیادہ اہمیت دی جا رہی ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ بچے کی ماں کو حوالگی سے متعلق تمام عدالتوں نے فیصلہ برقرار رکھا اور بچے کی ماں کو حوالگی قانون کے مطابق ہے۔ عدالت نے درخواست خارج کرتے ہوئے قرار دیا کہ والد کی وفات کے بعد نو سالہ بچے کی حوالگی ماں کو دی گئی تھی۔

بقیہ 17

نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور شہدا کے درجات کی بلندی جبکہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اس قسم کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے عزم کو کمزور نہیں کر سکتیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم دہشت گردی اور انتہاپسندی کے خلاف جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز اور اداروں کے ساتھ متحد ہو کر کھڑی ہے۔

بقیہ 18

بیراج میں پانی کی آمد بڑھ کر 1 لاکھ 11 ہزار 199 کیوسک ہوگئی ہے، جبکہ پانی کا اخراج 99 ہزار 980 کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے۔ چشمہ بیراج پانی کا لیول 643 فٹ ہو گیا ہے، جس کے بعد چشمہ کے تمام 52 سپل ویز کھول دیے گئے، دریائے سندھ میں چشمہ بیراج کی تمام جھیلیں پانی سے بھر گئی ہیں۔

بقیہ 19

استعداد کار میں اضافے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر بھی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ عوامی خدمت کے منصوبوں اور سہولتوں کی بہتری کے لیے اقدامات کو مزید تیز کیا جائے تاکہ ریلوے کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جا سکے۔

بقیہ 20

کونسل جنرل ولایت ایوازوف کا مراسلہ موصول ہوا ہے۔ آذربائیجان کے وزیر داخلہ نے صوبہ خیبر پختونخوا کے شہر بنوں میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے علاوہ ازیں انہوں نے پاکستانی عوام اور متاثرین سے یکجہتی کا اظہار بھی کیا۔ آذربائیجانی وزیر داخلہ نے کہا کہ خودکش حملے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت اور زخمی ہونے کے افسوسناک واقعہ پر انتہائی رنجیدہ ہیں، آذربائیجان ہر قسم کی دہشت گردی کی سختی سے مذمت کرتا ہے، آذربائیجان دہشت گردی کے خلاف عالمی سطح پر کی جانے والی کوششوں کی مستقل حمایت کرتا ہے۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ افسوسناک واقعہ پر ہم پاکستان کے برادر عوام کے ساتھ دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں، اللہ تعالی شہداء کو اپنی رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور زخمیوں کو جلد صحت یابی دے۔ براہ راست نشانہ بنایا گیا۔ وزارت صحت نے اسرائیل پر بین الاقوامی قوانین اور انسانی اصولوں کی خلاف ورزی کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ طبی عملے پر حملے جنگی جرائم کے زمرے میں آتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق امریکا کی ثالثی میں ہونے والی جنگ بندی کو تین ہفتے گزر چکے ہیں، تاہم اس کے باوجود اسرائیلی حملے مسلسل جاری ہیں۔ لبنانی وزارت صحت کے مطابق 2 مارچ سے اب تک اسرائیلی کارروائیوں میں ملک بھر میں 2 ہزار 846 افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کے مطابق اس عرصے کے دوران کم از کم 103 لبنانی طبی کارکن ہلاک جبکہ 230 زخمی ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ نے بتایا کہ طبی عملے اور ریسکیو ٹیموں پر 130 سے زائد حملے کیے گئے۔ جنوبی لبنان کے شہر صور میں سول ڈیفنس کے سربراہ علی صفی الدین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امدادی کارکن ہر لمحہ اپنی جان کے خطرے میں کام کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کئی ساتھیوں کی ہلاکت کے بعد بھی امدادی سرگرمیاں جاری رکھنا ان کے لیے انتہائی مشکل ہو چکا ہے۔

بقیہ 21

خیر محمد مری اور اولڈ لیاقت بازار فیڈرز پر 12 مئی ایام میں صبح 10 سے دوپہر 2 بجے تک لوڈشیڈنگ ہوگی۔ اعلامیہ میں مزید بتایا گیا ہے کہ 13 مئی (بروز بدھ) کو ایئرپورٹ روڈ، تکاتو، ادیان اور داریم فیڈرز سے صبح 10:30 سے دوپہر 2:30 بجے تک، جبکہ مری آباد گرڈ کے کانسی ون، نواں لیاقت بازار ایکسپریس فیڈر سے دن 11 سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اسی طرح ضروری مرمتی کام کے سلسلے میں 12 مئی کو جبل نکسی گرڈ کے تمام فیڈرز سے صبح 9 سے دوپہر 2 بجے اور گنداخہ گرڈ اسٹیشن سے صبح 8 سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ کیسکو نے اس عارضی بندش پر صارفین سے پیشگی معذرت کرتے ہوئے تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 22

گاڑیوں کو سکیورٹی اہلکاروں نے بروقت کارروائی

کرتے ہوئے روک لیا، جن کی تلاشی لینے پر ان میں سوار بچوں سمیت 26 افغان باشندے برآمد ہوئے۔ ابتدائی تحقیقات سے انکشاف ہوا ہے کہ یہ گروہ ایک منظم انسانی اسمگلنگ نیٹ ورک کا حصہ تھا، جسے پاکستان سے ایران اور پھر ترکی کے راستے غیر قانونی طور پر یورپ پہنچایا جانا تھا۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ انسانی اسمگلنگ میں ملوث ایسے نیٹ ورکس کے خلاف ادارے ہائی الرٹ ہیں اور گرفتار افراد سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے تاکہ اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث اصل سرغنوں تک رسائی حاصل کی جا سکے۔ علاقے میں اسمگلروں کے خلاف کریک ڈاؤن اور نگرانی کا عمل مزید سخت کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 23

کوئٹہ محمد انور کاکڑ سے انجمن تاجران بلوچستان کے صدر قیوم آغا کی نمائندگی میں تاجروں کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں شہر میں نافذ سمارٹ لاک ڈاؤن، تاجروں کو درپیش مسائل، ٹریفک کی صورتحال اور دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے تاجروں کو درپیش مسائل، کاروباری سرگرمیوں، ٹریفک کی روانی اور شہری سہولیات سے متعلق اپنے تحفظات و تجاویز پیش کیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ نے وفد کے مسائل کو غور سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ تاجروں کے جائز مسائل کے حل اور شہر میں ٹریفک نظام کی بہتری کیلئے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سمارٹ لاک ڈاؤن کا مقصد حکومت کی جانب سے کفایت شعاری کو فروغ دینا اور بحرانی کیفیت کا مقابلہ کرنا ہے جبکہ اس اہم مسئلے پر کاروباری طبقے کے تحفظات کو بھی مدنظر رکھا جائے گا۔ اور ایسے قابل فہم حل تلاش کیا جائے گا جس سے انتظامیہ، تاجران اور عوام مطمئن رہیں۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ اور انجمن تاجران نے باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 24

ئی، محکمہ قانون اور مائن اونرز کے درمیان ہونے والی مشاورت کے بعد تجویز کردہ سفارشات کا جائزہ لیا جائے گا۔ ان سفارشات کو "بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی مسودہ قانون 2026" بل نمبر 03 میں شامل کرنے کے حوالے سے حتمی غور و خوض کیا جائے گا تاکہ بل کے متن کو حتمی شکل دی جا سکے۔

بقیہ 25

سے متعدد علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل رہی ادھر مالاکنڈ، سوات، نوشہرہ، شمالی وزیرستان سمیت کے پی کے متعدد علاقوں میں بھی بارش ہوئی۔ صوابی میں آسمانی بجلی گرنے کے باعث مختلف حادثات میں 6 افراد زخمی ہوگئے جبکہ کئی علاقوں میں بجلی معطل رہی، وادی نیلم اور مظفرآباد میں بھی بارش ہوئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک جبکہ سندھ اور جنوبی بلوچستان میں شدید گرم رہنے کی توقع ہے۔ اس کے علاوہ بالائی پنجاب، بالائی خیبرپختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر اور خطہ پوٹھوہار میں چند مقامات پر آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

بقیہ 26

پراجیکٹ پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے سیف سٹی ہیڈکوارٹرز کی تزئین و آرائش اور اپگریڈیشن ورک کا معائنہ کیا۔ علاوہ ازیں وزیر داخلہ کو فیوژن سنٹر اور جدید کنٹرول روم کے قیام پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سیف سٹی فیز ٹو کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کنٹرول روم کو جدید تقاضوں اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ بنایا جائے، سیف سٹی میں تمام متعلقہ اداروں کو ایک پلیٹ فارم پر لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ اسلام آباد کے شہریوں کو محفوظ اور پرسکون ماحول فراہم کرنے میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

بقیہ 27

حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران "بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026" کی مختلف شقوں پر غور کیا گیا اور مجوزہ قانون کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے معدنی شعبے میں کام کرنے والے مزدوروں کی صحت اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے قانون سازی کی اہمیت پر زور دیا۔ اجلاس کے اختتام پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ زمینداروں (لینڈ اونرز) اور متعلقہ محکمے کے درمیان پائے جانے والے تحفظات کو دور کرنے اور اتفاق رائے پیدا کرنے کے لیے جلد ایک اور اجلاس منعقد کیا جائے گا تاکہ باہمی مشاورت سے بل کو حتمی شکل دی جا سکے۔

بقیہ 28

حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران "بلوچستان مائنز ہیلتھ اینڈ سیفٹی بل 2026" کی مختلف شقوں پر غور کیا گیا اور مجوزہ قانون کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے معدنی شعبے میں کام کرنے والے مزدوروں کی صحت اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے قانون سازی کی اہمیت پر زور دیا۔ اجلاس کے اختتام پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ زمینداروں (لینڈ اونرز) اور متعلقہ محکمے کے درمیان پائے جانے والے تحفظات کو دور کرنے اور اتفاق رائے پیدا کرنے کے لیے جلد ایک اور اجلاس منعقد کیا جائے گا تاکہ باہمی مشاورت سے بل کو حتمی شکل دی جا سکے۔

بقیہ 29

ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ہدایات کے مطابق تمام ڈگری پروگرامز میں مصنوعی ذہانت (AI) کے لازمی 3 کریڈٹ آور کورس کے نفاذ کی منظوری دی گئی۔ کونسل نے جامعہ میں پہلی بار مینجمنٹ سائنسز کے

شعبے میں پی ایچ ڈی پروگرام شروع کرنے کی منظوری بھی دی، جو کہ یونیورسٹی کی تعلیمی ترقی میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ اس کے علاوہ مختلف بورڈز آف اسٹڈیز کی سفارشات اور سی پیک اسٹڈی سینٹر کے جریدے "چائنا پاکستان اکنامک کوریڈور ریویو" کی اشاعت کی بھی توثیق کی گئی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرازق صابر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ گوادر طلبہ کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ جدید تعلیم فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، چینی زبان کے کورسز اور ٹیکنیکل مہارتوں کا نفاذ طلبہ کو ڈیجیٹل معیشت کے لیے تیار کرے گا۔ انہوں نے یونیورسٹی کے آئینی اداروں کے اجلاس تواتر سے منعقد کرنے پر پرو وائس چانسلر اور رجسٹرار آفس کی کارکردگی کو سراہا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ ساحلی خطے کے نوجوانوں کو تحقیق اور اختراع کے ذریعے ترقی کے نئے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

بقیہ 30

پورٹ چارجز 31 فیصد تک کم کئے گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جنرل کارگو کیلئے ایک ماہ مفت سٹوریج سہولت متعارف کرائی گئی، ٹرانزٹ اور ٹرانس شپمنٹ کارگو لانے والے جہازوں کو بھی ریلیف دیا گیا ہے، دیگر قومی بندرگاہوں کے مقابلے میں ریکارڈ مراعات دی جا رہی ہیں۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ گوادر کو علاقائی لاجسٹکس مرکز بنانے کی پالیسی پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 31

تو ہمیں پتہ چل جائے گا اور ہم اسے نشانہ بنا سکیں گے۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران کو عسکری طور پر شکست دی جا چکی ہے، تاہم ایران کے خلاف عسکری کارروائیاں ابھی مکمل طور پر ختم نہیں ہوئیں، ایرانی قیادت کی اے اور بی ٹیم مکمل ختم کر دی گئی ہیں، جبکہ سی ٹیم کا کچھ حصہ بھی ختم ہو چکا ہے۔ امریکی صدر نے کہا ہے کہ ایران کو جوہری ہتھیار نہیں دیا جا سکتا کیونکہ وہ غیر ذمہ دار ہے، ایران معاہدہ کر کے اسے توڑ دیتا ہے۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ امریکا کو آبنائے ہرمز کی ضرورت نہیں، امریکا یہ مشرق وسطی میں موجود اتحادیوں کے لیے کر رہا ہے۔ قبل ازیں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ کے خاتمے کے لئے امریکہ کی جانب سے پیش کی گئی تجویز پر ایران کے ردعمل پر براہ راست تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ میں نے ایران کے نام نہاد نمائندوں کی جانب سے دیا گیا جواب پڑھا ہے، مجھے یہ بالکل پسند نہیں آیا، یہ مکمل طور پر ناقابل قبول ہے، اس معاملے پر توجہ دینے کا شکریہ۔

بقیہ 32

پاکستان کے پریمیئم فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی کی کم ہوتی بولنگ اسپیڈ موضوع بحث بن گئی۔ سابق چیئرمین پی سی بی رمیز راجا کے بعد سابق کرکٹر بازید خان نے بھی شاہین کی گرتی ہوئی بولنگ رفتار کو ورک لوڈ اور بے تحاشا ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی وجہ قرار دے دیا۔ بازید خان نے کہا کہ بنگلادیش کے خلاف ٹیسٹ میں شاہین آفریدی کی بولنگ رفتار 10 سے 15 کلومیٹر تک کم ہوگئی۔ انہوں نے تقابلی جائزہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ شعیب اختر اور بریٹ لی نے زیادہ ٹیسٹ کرکٹ کھیلی ہے لیکن ان کی رفتار میں کمی نہیں ہوتی تھی جب کہ شاہین آفریدی کی رفتار کم ہوئی ہے جو کہ ٹی ٹوئنٹی کے فوراً بعد ٹیسٹ کھیلنے کا نتیجہ ہے۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ آپ نے اپنے جسم کو لمبی کرکٹ کے لیے تیار نہیں کیا، بس ٹی ٹوئنٹی میں چار اوور کروا کر ٹیسٹ کھیلیں تو اسپیڈ کم ہوگی۔ پاکستان کے سابق کرکٹر اور معروف کمنٹیٹر رمیز راجہ نے شیر بنگلا نیشنل اسٹیڈیم میں بنگلادیش کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کے پہلے روز کے دوران فاسٹ بولر شاہین آفریدی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ کمنٹری کے دوران رمیز راجہ نے پاکستان کے فاسٹ بولرز اور شاہین آفریدی کی موجودہ فارم پر سوال اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے بولرز جو مختصر فارمیٹ کھیلتے ہیں اکثر ٹی 20 میں چار اوور کے اسپیل کرلیتے ہیں لیکن ٹیسٹ کرکٹ میں جدوجہد کرتے ہیں جس سے ان کی فٹنس سامنے آجاتی ہے۔

بقیہ 33

مایہ ناز فاسٹ بولر مچل اسٹارک آئی سی سی مینز کرکٹ ورلڈ کپ 2027 کھیلنے کیلئے پُرامید ہیں۔ آسٹریلوی فاسٹ باؤلر مچل اسٹارک اپنے 16 سالہ بین الاقوامی کیریئر کو مزید چند سالوں تک بڑھانے کی امید رکھتے ہیں، انہوں نے کہا کہ 2027 کے ورلڈ کپ میں ممکنہ طور پر شرکت کے دروازے کھلے ہیں۔ 36 سالہ بائیں بازو کے کھلاڑی آسٹریلیا کے تیسرے سب سے زیادہ وکٹ لینے والے فارمیٹس میں 759 کے ساتھ۔ صرف شین وارن اور گلین میک گرا کے پیچھے ہیں۔ اسٹارک ٹیسٹ اور 50 اوور کی کرکٹ میں اپنے کیریئر کو طول دینے کے لیے ستمبر میں ٹوئنٹی 20 انٹرنیشنل سے ریٹائر ہوئے۔ اگلا ون ڈے ورلڈ کپ اکتوبر-نومبر 2027 میں جنوبی افریقہ، زمبابوے اور نمیبیا میں ہونا ہے۔ اسٹارک نے برطانوی خبر ایجنسی کو بتایا کہ آسٹریلیا کے لیے، مجھے اپنے کچھ بہترین ساتھیوں کے ساتھ کھیلنے کا موقع ملا ہے میں سخت مقابلے سے لطف اندوز ہوتا اور مجھے ایسے کڑی محنت کر کے کھیلنے میں مزہ آتا ہے۔ اسٹارک نے کہا کہ بین الاقوامی کرکٹ کے تقاضوں کے باوجود ان کا جسم اچھی طرح سے فٹ ہے ہمیشہ کچھ نہ کچھ ہوتا رہتا ہے مجھے اپنی کہنی اور کندھے کے ساتھ تھوڑی گڑبڑ ضرور ہوتی ہے جسے اب بھی سنبھال رہا ہوں۔ انہیں انگلینڈ کے خلاف

آسٹریلیا کی حالیہ 1-4 کی ایشز فتح میں سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ (2027 ورلڈ کپ) بہت طویل سفر ہے لیکن مجھے امید ہے کہ وہاں پہنچوں گا۔ ورلڈ کپ ہر کرکٹر کے لیے ہمیشہ ایک مقصد ہوتا ہے۔

بقیہ 34

پاکستان کے ابھرتے ہوئے اسٹار بلے باز اذان اور عبداللہ نے ڈیبیو پر سنچری پلس پارٹنرشپ کے ساتھ منفرد سنگ میل عبور کر لیا۔ گزشتہ روز پاکستان کی جانب سے ڈیبیو کرنے والے اذان اویس کی سنچری اور عبداللہ فضل کی نصف سنچری تھی۔ دونوں بالترتیب 103 اور 60 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ان کے علاوہ محمد رضوان 59، سلمان علی آغا 58 اور امام الحق 45 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ کپتان شان مسعود 9، نائب کپتان سعود شکیل صفر کے ساتھ ایک بار پھر ناکام رہے۔ اذان اویس اور عبداللہ فضل ٹیسٹ کرکٹ میں سنچری پارٹنرشپ بنانے والی صرف تیسری پاکستانی جوڑی بن گئے۔ دونوں نے بنگلہ دیش کے خلاف ابتدائی ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں دوسری وکٹ کے لیے 104 رنز جوڑے اور وہ پاکستانیوں کی ایک خصوصی فہرست میں شامل ہوگئے جو دو دہائیوں سے زیادہ عرصے سے برقرار ہے۔ ان کی کوششوں سے پہلے، صرف دو پاکستانی جوڑیوں نے یہ کارنامہ انجام دیا تھا۔ 1964 میں، خالد عباد اللہ اور عبدالقادر نے کراچی میں آسٹریلیا کے خلاف 249 رنز کا یادگار اوپننگ اسٹینڈ فراہم کیا تھا۔ اگلا میچ 2003 میں آیا، جب محمد حفیظ اور یاسر حمید نے کراچی میں بنگلہ دیش کے خلاف دوسری وکٹ کے لیے 134 رنز جوڑے۔

بقیہ 35

میکڈونلڈز پاکستان آئی ٹی ایف چیمپئن شپ 2026 (آئی ٹی ایف ایم-15 لیگ-2) کامیابی کے ساتھ پی ایف ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں اختتام پذیر ہوگئی۔ اس باوقار بین الاقوامی ایونٹ میں 22 ممالک کے 86 مرد کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ شریک ممالک میں پاکستان، کویت، روس، ازبکستان، سویڈن، مراکش، ملائیشیا، برطانیہ، اٹلی، لیتھوانیا، چین، ترکیہ، الجزائر، کینیڈا، آئرلینڈ، پولینڈ، ہانگ کانگ، یونان، لبنان، جرمنی، فرانس اور جاپان شامل تھے۔ مردوں کے سنگلز فائنل میں سویڈن کے آروڈ نورڈ کوسٹ نے پاکستان کے محمد شعیب کو 5-7، 6-3، 3-6، 7-6(3) سے شکست دے کر میکڈونلڈز پاکستان آئی ٹی ایف چیمپئن شپ 2026 (آئی ٹی ایف ایم-15 لیگ-2) کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ اختتامی تقریب کی مہمان خصوصی پاکستان میں سویڈن کی سفیر الیگزینڈرا برگ وان لنڈے تھیں جبکہ پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر اعصام الحق قریشی مہمان اعزاز تھے۔ فائنل میں شریک دیگر معزز مہمانوں میں اسلام آباد میں امریکی سفارتخانے کی ناظم الامور نٹالی اے بیکر، پی ٹی ایف کے سرپرست سینیٹر سلیم سیف اللہ خان، وزارت بین الصوبائی رابطہ کے وفاقی سیکرٹری محی الدین احمد وانی، مونال ہوٹل اسلام آباد کے جنرل منیجر نکولس وردون، پاکستان میں برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر میٹ کینیل، میکڈونلڈز پاکستان کے سی او او عامر ملک، سیکریٹری جنرل پی ٹی ایف کرنل ضیاء الدین طفیل، سینئر ایگزیکٹو نائب صدر پی ٹی ایف میجر سلیمان جنید، نائب صدر پی ٹی ایف ذائرہ احمد ڈار، ڈائریکٹر کوچنگ اینڈ سلیکشن کرنل گل رحمان اور پاکستان ٹینس فیڈریشن کے الحاق شدہ یونٹس کے اراکین شامل تھے۔ سپانسر تنظیموں بشمول میکڈونلڈز پاکستان، او جی ڈی سی ایل، کوکا کولا، ہونڈا پاکستان اور بحریہ فاؤنڈیشن کے نمائندگان بھی موجود تھے جبکہ ٹینس شائقین، والدین، کھلاڑیوں اور کوچز کی بڑی تعداد نے بھی فائنل دیکھا۔ پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر اعصام الحق قریشی نے پاکستان میں مسلسل دو آئی ٹی ایف ایم-15 ٹورنامنٹس کے کامیاب انعقاد پر خوشی کا اظہار کیا اور فاتح و رنر اپ دونوں کھلاڑیوں کو شاندار کارکردگی پر مبارکباد دی۔ انہوں نے تمام سپانسرز کا قیمتی تعاون، میڈیا کی بھرپور کوریج، اور اسلام آباد پولیس کی فول پروف سکیورٹی پر شکریہ ادا کیا جس نے ایونٹ کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ اعصام الحق نے کہا کہ 25 سال بعد پاکستان کے محمد شعیب اعصام الحق قریشی کے بعد پہلے پاکستانی کھلاڑی بن گئے ہیں جنہوں نے کسی آئی ٹی ایف پروفیشنل ایونٹ کے مسلسل دو فائنلز میں جگہ بنائی جو پاکستان ٹینس کے لیے ایک قابل فخر لمحہ ہے۔

بقیہ 36

بارسلونا نے فٹ بال کی دنیا کے بڑے مقابلوں میں سے ایک ایل کلاسیکو میں اپنے روایتی حریف ریال میڈرڈ کو دو صفر سے شکست دے کر مسلسل دوسری بار اسپینش لیگ لا لیگا کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ گزشتہ روز کھیلے گئے اس سنسنی خیز مقابلے میں فتح کے ساتھ ہی بارسلونا نے مجموعی طور پر 29 ویں بار یہ اعزاز حاصل کیا ہے جبکہ ریال میڈرڈ کے لیے یہ سیزن بغیر کسی بڑی ٹرافی کے مایوس کن انداز میں ختم ہوا۔ میچ کا آغاز بارسلونا کے لیے انتہائی جذباتی تھا کیونکہ کوچ ہینسی فلک کے والد کا میچ سے قبل انتقال ہو گیا تھا تاہم اس کے باوجود وہ اپنی ٹیم کی حوصلہ افزائی کے لیے گراؤنڈ میں موجود رہے۔ بارسلونا نے کھیل کے پہلے 18 منٹ میں ہی دو گول کی برتری حاصل کر کے جیت کی بنیاد رکھ دی تھی۔ پہلا

گول مانچسٹر یونائیٹڈ سے ادھار پر آئے ہوئے کھلاڑی مارکس راشفورڈ نے ایک شاندار فری کک کے ذریعے کیا جبکہ دوسرا گول فیران ٹورس نے ڈانی اولمو کے بہترین پاس پر گیند کو جال کی راہ دکھا کر سکور کیا۔ بارسلونا کے مداحوں کے لیے یہ خوشی اس لیے بھی دوبالا تھی کیونکہ یہ میچ نئے تعمیر شدہ کیمپ نو اسٹیڈیم میں کھیلا گیا جہاں 62 ہزار سے زائد تماشائی اپنی ٹیم کا جشن منانے کے لیے موجود تھے۔ ریال میڈرڈ کی ٹیم میچ سے پہلے ہی اندرونی مسائل کا شکار نظر آئی۔ اسٹار کھلاڑی فیڈے والورڈے تربیت کے دوران اپنے ہی ساتھی کھلاڑی چوآمینی سے جھگڑے میں سر پر چوٹ لگنے کے باعث میچ سے باہر ہو گئے تھے جبکہ کیلیان ایمباپے بھی انجری کی وجہ سے دستیاب نہ تھے۔ میڈرڈ کے کوچ الوارو اربیلوا نے اپنی ٹیم کو سنبھالنے کی بہت کوشش کی لیکن وہ بارسلونا کے دفاع کو توڑنے میں ناکام رہے۔ جوڈ بیلنگھم نے ایک بار گیند کو جال میں پہنچایا بھی لیکن اسے آف سائیڈ قرار دے دیا گیا۔ ریال میڈرڈ کے کوچ الوارو اربیلوا نے کھلاڑیوں کی کارکردگی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ 200 فیصد کارکردگی دیے بغیر اتنے بڑے مقابلے میں جیتنا مشکل ہے۔ بارسلونا کی اس کامیابی میں نوجوان اسٹار لیمین یامال کا کردار کلیدی رہا جنہوں نے اس سیزن میں 16 گول کیے اور 12 گول کرنے میں مدد دی۔ یامال نے اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فروری میں ویلاریال کے خلاف ہیٹ ٹرک کے بعد سے میں بہت اچھا محسوس کر رہا ہوں اور اس کا اثر میری کارکردگی پر بھی پڑا ہے۔ اس کے علاوہ گول کیپر جوآن گارسیا نے بھی شاندار کھیل پیش کیا اور اس سیزن میں سب سے زیادہ 15 بار کلین شیٹ یعنی مخالف ٹیم کو کوئی گول نہ کرنے دینے کا ریکارڈ بنایا۔ دوسری جانب ریال میڈرڈ کیلئے یہ مسلسل دوسرا ایسا سال ہے جس میں وہ کوئی بڑی ٹرافی نہیں جیت سکے۔ اسٹار کھلاڑیوں کی موجودگی کے باوجود ٹیم میں توازن کی کمی نظر آئی اور اب افواہیں گردش کر رہی ہیں کہ کلب کے صدر فلورینٹینو پیریز سابق کوچ ہوزے مورینیو کو واپس لانے پر غور کر رہے ہیں۔ فی الحال ہینسی فلک کی بارسلونا نے ہسپانوی فٹ بال پر اپنی دھاک بٹھا دی ہے اور وہ ایک سیزن میں 100 پوائنٹس حاصل کرنے کا ریکارڈ برابر کرنے کی راہ پر گامزن ہیں۔ بارسلونا کے مداحوں نے اسٹیڈیم میں جھنڈے لہرا کر اور جشن منا کر اس فتح کو یادگار بنا دیا، جبکہ ریال میڈرڈ کے کھلاڑیوں کو ایک بار پھر خالی ہاتھ لوٹنا پڑا۔

بقیہ 37

اسرائیل کے اٹارنی جنرل نے سپریم کورٹ کو اپنے ایک تحریر کیے گئے خط میں نئے موساد چیف کی تقرری کے خلاف رائے سے آگاہ کر دیا ہے۔ اسرائیلی سپریم کورٹ کے نام لکھا گیا یہ خط انہوں نے میڈیا کو بھی جاری کر دیا ہے۔ اسرائیلی سپریم کورٹ آنے والے دنوں میں اس موضوع پر مختلف درخواستوں کا جائزہ لینے والی ہے۔ یہ درخواستیں میجر جنرل رومان گوفمین کو موساد چیف مقرر کرنے کے خلاف دائر کی گئی ہیں۔ اٹارنی جنرل گالی بہاراو میارا کی مخالفت اس سلسلے میں اہم ترین ہے۔ اٹارنی جنرل نے 2022 میں ہونے والے ایک کیس کو اپنے مخالفانہ موقف کی بنیاد بنایا ہے کہ گوفمین نے ایک اسرائیلی نوجوان کی رہائی کے لیے کچھ کردار ادا نہیں کیا تھا، جسے فوج نے گوفمین کی درخواست پر ہی بھرتی کیا ہوا تھا۔ یاد رہے کہ گوفمین اسرائیلی فوج کی شمالی کمانڈ کی سربراہی کر چکے ہیں۔ جب مذکورہ نوجوان کی رہائی کے لیے ان کی مدد کی ضرورت تھی تو اس وقت یہ شمالی اسرائیلی کمانڈ کے ہی سربراہ تھے۔ اٹارنی جنرل کے مطابق 17 سالہ نوجوان کو اس وقت فوجی افسر نے جاسوسی کے مقاصد کے لیے بھرتی کیا تھا تاکہ وہ ملک کے دشمن لوگوں کی آن لائن مخبری کرے اور آپریشنز میں مدد دے۔ لیکن اس نوجوان کو اسرائیل کی داخلی سلامتی سے متعلق ادارے 'شین بیت' نے گرفتار کر لیا۔ اس دوران اسے تقریباً دو ماہ تک قید تنہائی میں رکھا گیا۔ جبکہ ایک سال کے لیے گھر میں نظر بند کیا گیا۔ تاہم بعد ازاں اس لڑکے کو الزامات سے بری کر کے رہا کر دیا گیا۔ لیکن اسے لمبی تحقیقات کے بعد رہائی مل سکی۔ اب یہ اس وقت کا سترہ سالہ لڑکا بھی نئے چیف آف موساد کی تقرری کے خلاف ایک درخواست گزار ہے۔ وزیراعظم نیتن یاہو نے میجر جنرل گوفمین کو موساد کا سربراہ بنانے کا فیصلہ دسمبر 2025 میں کیا تھا۔ اس سے قبل اسرائیلی وزیراعظم کو خود اسرائیل کے داخلی انٹیلی جنس کے ادارے کے سربراہ کے ساتھ ایک تنازعہ میں پڑنا پڑا تھا۔ اس اعلی تقرری کے لیے سفارش کرنے والی کمیٹی کے سربراہ سپریم کورٹ کے سابق جج بھی موساد کے نئے چیف کی اس تقرری کی مخالفت کر رہے ہیں۔ وہ گوفمین کو جھوٹا آدمی قرار دیتے ہیں، کہ اس نے عدالت میں بھی ایک بار جھوٹ بولا تھا۔ اس لیے یہ اخلاقی طور پر کمزور شخص ہے اسے یہ اعلی عہدہ نہیں دیا جانا چاہیے۔

بقیہ 38

پاکستان کے ذریعے امریکہ کو بھیجے گئے ایرانی جواب میں تمام محاذوں پر جنگ کے خاتمے اور تہران پر عائد پابندیاں ہٹانے کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔ ایرانی نیوز ایجنسی نے مزید کہا کہ ایرانی تجویز

میں یہ مطالبہ بھی کیا گیا ہے کہ امریکی محکمہ خارجہ کے دفتر برائے غیر ملکی اثاثہ جات کنٹرول کی جانب سے ایرانی تیل کی فروخت پر عائد پابندیاں 30 دنوں کے اندر ختم کی جائیں اور ایران کی بحری محاصرہ ختم کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق ایرانی تجویز میں جنگ کے فوری خاتمے اور اس بات کی ضمانت کا مطالبہ کیا گیا ہے کہ ایران پر دوبارہ حملہ نہیں کیا جائے گا۔ ذریعے نے مزید بتایا کہ ایران نے تمام محاذوں پر جنگ بندی کی ضرورت پر بھی سخت اصرار کیا ہے۔ ایجنسی نے ذریعے کے حوالے سے نقل کیا کہ تہران کے مطالبات میں یہ بات بھی شامل ہے کہ اگر امریکہ کچھ مخصوص وعدے کرے تو آبنائے ہرمز کا انتظام ایران کے پاس رہے گا، تاہم ذریعے نے ان وعدوں کی نوعیت واضح نہیں کی۔ امریکی اخبار نے بھی امریکی تجویز پر ایرانی جواب کے خدوخال ظاہر کیے ہیں۔ اخبار کی رپورٹ کے مطابق تہران نے اپنی ایٹمی تنصیبات کو ختم کرنے کی تجویز مسترد کر دی ہے، البتہ وہ اعلی سطح پر افزودہ یورینیم کو کم کرنے اور باقی ماندہ ذخیرہ کسی تیسرے ملک منتقل کرنے پر راضی ہو گیا ہے۔ اخبار کے مطابق ایران نے اگلے 30 دنوں میں ایٹمی مسائل پر بات چیت کی پیشکش کی ہے۔ تہران نے تجویز دی ہے کہ محاصرہ ختم کرنے کے بدلے جنگ ختم کی جائے اور آبنائے ہرمز کو مرحلہ وار کھولا جائے۔ ادھر ایرانی سرکاری میڈیا نے رپورٹ کیا کہ تہران نے امن کی تازہ ترین امریکی تجویز کے جواب میں اپنے ایٹمی پروگرام کے مسئلے کو نظرانداز کرتے ہوئے سارا زور خطے میں جاری جنگ کے خاتمے پر دیا ہے۔ پاکستانی ثالثوں کے ذریعے بھیجے گئے جوابی مسودے میں ایٹمی پروگرام جیسے حساس معاملات پر بات چیت سے قبل آبنائے ہرمز کے ذریعے جہاز رانی کی سکیورٹی یقینی بنانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اقوام متحدہ میں امریکی سفیر مائیک والٹز نے انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ دوبارہ جنگ شروع کرنے سے پہلے سفارت کاری کو ہر ممکن موقع دے رہے ہیں۔ آبنائے ہرمز موجودہ تنازع کا سب سے حساس نکتہ ہے کیونکہ جنگ چھڑنے سے قبل دنیا کی تیل کی سپلائی کا پانچواں حصہ یہاں سے گزرتا تھا۔ رپورٹوں کے مطابق ایران نے اس اسٹریٹجک بحری گزرگاہ سے غیر ایرانی جہازوں کی نقل و حرکت کو کافی حد تک محدود کر دیا ہے۔ جوابی کارروائی کے طور پر امریکہ نے ایرانی بندرگاہوں کا محاصرہ کر رکھا ہے اور جمعہ کے روز امریکی افواج نے ایرانی تیل کے ان دو ٹینکروں کو نشانہ بنایا جنہوں نے محاصرہ توڑنے کی کوشش کی تھی۔ پاسداران انقلاب کی بحریہ پہلے ہی متنبہ کر چکی ہے کہ ایرانی تیل بردار جہازوں یا تجارتی جہازوں پر کسی بھی حملے کا جواب خطے میں موجود امریکی اڈوں اور دشمن جہازوں پر بھاری حملے کی صورت میں دیا جائے گا۔

بقیہ 39

اقوام متحدہ کے دفتر برائے انسانی امور (اوچا) کے ایک وفد نے غزہ میں شاہ سلمان ریلیف اینڈ ہیومینٹیرین ایڈ سینٹر کی جانب سے نافذ کیے جانے والے انسانی ہمدردی کے منصوبوں کی بھرپور تعریف کی ہے۔ اوچا کے دفتر نے مرکز کی جانب سے فراہم کی جانے والی میدانی امداد کے حجم اور تنوع کو سراہا اور مقامی آبادی کی مشکلات کم کرنے اور ضرورت مند طبقات کی مدد میں اس کے کلیدی کردار کی تعریف کی۔ وفد نے غزہ میں بڑھتے ہوئے انسانی چیلنجز کے باوجود امدادی منصوبوں کی تنظیم اور ان پر فوری عمل درآمد کی صلاحیت کو بھی سراہا۔ یہ تعریفی کلمات اوچا کے وفد کے غزہ کے میدانی دورے کے دوران سامنے آئے، جہاں انہوں نے شاہ سلمان ریلیف سینٹر کی امدادی سرگرمیوں اور فلسطینی عوام کی مدد کے لیے وضع کیے گئے طریقہ کار کا معائنہ کیا۔ وفد نے اپنے دورے کا آغاز شاہ سلمان ریلیف سینٹر کے مرکزی کچن کے دورے سے کیا، جو بے گھر ہونے والے خاندانوں کے لیے روزانہ کی بنیاد پر گرم کھانا فراہم کرتا ہے۔ یہ کچن روزانہ تقریباً 25 ہزار کھانے تیار کرتا ہے اور ایک مسلسل آپریٹنگ سسٹم کے تحت کام کر رہا ہے جس کا مقصد غذائی تحفظ کو یقینی بنانا اور متاثرہ خاندانوں کے معاشی بوجھ کو کم کرنا ہے۔ وفد نے کچن میں کام کی رفتار، کھانا تیار کرنے کے مراحل اور اس کی نقل و حمل اور تقسیم کے طریقہ کار کا جائزہ لیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے غزہ میں شاہ سلمان ریلیف سینٹر کے ایگزیکٹو پارٹنر سعودی سینٹر فار کلچر اینڈ ہیریٹیج کی میدانی ٹیموں کی کوششوں کو بھی دیکھا۔ دورے کے دوران وفد نے فوڈ باسکٹ کی تقسیم کے مراکز کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے ضرورت مند خاندانوں میں امدادی سامان کی تقسیم کے عمل کا مشاہدہ کیا یہ سرگرمیاں اس امدادی پروگرام کا حصہ ہیں جس کا مقصد مستفید ہونے والوں کا دائرہ کار وسیع کرنا اور غزہ کی تمام گورنریوں تک پہنچنا ہے۔ وفد نے سعودی امداد کے مرکزی گودام کا بھی دورہ کیا اور وہاں امدادی قافلوں کی وصولی، سپلائی مینجمنٹ اور تقسیم کے منصوبوں کا جائزہ لیا، تاکہ غزہ کے مختلف علاقوں میں امداد کی فوری اور مسلسل ترسیل کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 40

دی بیورو آف انوسٹی گیشن کی تحقیقاتی رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ پاکستان سے اے آئی سے تیار کردہ نفرت انگیز ویڈیوز برطانیہ میں پھیلا کر میٹا کے اشتہاری ماڈل کے ذریعے پیسہ کمایا گیا۔

POSITION VACANT

The Government of Balochistan, Health Department invites applications from dynamic and result oriented individuals for the post of Project Director for Peoples Health and Wellness Program purely on contract basis initially for a period of two (2) years extendable subject to satisfactory performance and life of the project. The details are mentioned below:

S.#	Position	Qualification & Experience	No. of Posts	Salary Package (PKR)	Age Limit (Years)
1)	Project Director	Minimum sixteen (16) years education with specialization in relevant field(s). Relevant qualification may include B.S (Honours) in Engineering and/or Master in Economics, Business/Public Administration (MBA/MPA), Project Management (MPM), Public Health (MPH), Public Policy (MPP) and other relevant fields from HEC recognized institutions, depending upon the nature and requirement of the project. Candidates with professional certification may be given additional preference. **Experience:** Minimum 10 years of professional experience in Project Management or relevant field(s). Must have intermediate or advance knowledge of project management fundamentals, particularly the government of Pakistan's project planning & management processes and procedures. Previous work experience in Balochistan will be an added advantage.	01	The lump sum salary package will be admissible amended, time to time as prescribe by the Govt: for employees of PSDP projects.	Minimum forty (40) and maximum 62 years on the date of appointment.

I) The above positions are offered purely on contract basis initially for two years.
ii) The Age of the candidate will be calculated on the last date of submission of application
iii) The candidates having Local/Domicile of Balochistan shall only be eligible to apply.
iv) No TA/DA will be admissible for test/interview.
v) The department has the right to accept/reject or cancel an application or whole recruitment process at any time without any notice/justification.
vi) Candidate already working in Government/Semi Government/Autonomous Bodies may apply through proper channel.
vii) Incomplete applications or applications received after due date/closing of office hours on the last date for submission of application will not be entertained.
viii) In case of large number of candidates, the department reserve the right to decide upon any threshold marks/ratio of candidate vis-à-vis to be further considered in the recruitment process/interview.
ix) Only short listed candidates shall be called for a final interview
x) Submission of fake documents or concealment of any fact will lead to dis-qualification of the candidate.
xi) Candidate shall produce all original documents, alongwith a set of attested photocopies of all relevant (verifiable) documents, at the date/time of interview to be communicated.
xii) Applications alongwith CV and attested copies of educational and experience certificates, CNIC and three (3) recent photograph may reach this office on or before 25 th May, 2026 on following address:-
Planning Cell, Room No.2, 2nd Floor, Block-9, Balochistan Civil Secretariat, Quetta or E-mail:healthplanningcell@gmail.com

CHIEF PLANNING OFFICER
HEALTH DEPARTMENT

PRQ No.5014/11-05-2026

TENDER NOTICE

TSE-2526051043943 THE EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CW,PP&H DEPARTMENT KHUZDA INVITES BIDS FROM ELIGIBLE BIDDERS FOR EXECUTION OF FOLLOWING WORKS FOR THE YEAR 2026 BASED ON COMPOSITE SCHEDULE RATES 2023 ON PERCENTAGE RATES

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF CULTURAL COMPLEX AT KHUZDAR	294,706,295

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 294,706,295 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-3 and above (Upto 500 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10 , CE10(iv) (Soil Investigation and Stabilization), CE10(i) (General Civil Engineering Works) , CE10(ii) (Slope Protection System), CE10(iii) (Concrete Repairs), CE10(v) (Landscaping & Horticulture), CE10(vi) (Reclamation Works), CE10(vii) (General Buildings and Maintenance), CE10(viii) (Waterproofing). Bidder Shall Upload a project specified credit line certificate from the relevant bank (account of payee) showing available credit line of at least 100% of the project cost **Procedure Of Procurement:**Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **01 June, 2026** till **09:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **10:00 AM on EPPS System Address:** OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CW PP&H DEPARTMENT KHUZDAR DC COMPLEX KHUZDAR
Phone no: 3337898665 **Email:** saleemrazzaq361@gmail.com

Executive Engineer Buildings
CW,PP&H Department
Khuzdar

PRQ No.4994/11-05-2026